Title — Aaina - E - Muhasin (Part - 2)

Creator — Murattiba Nafees Dulhan

Publisher — Muslim University (Aligarh).

Date — Not Available

Pages — 92

Subjects — Urdu Shayari — Intikhab ; Sherwani — Habib ur Rehman Khan.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عالی جناب نواب صدر یار جنگ بہادر مولانا حاجی محمد حبیب الرحمٰن خاں صاحب شروانی مدظلہ العالی کی مشہور و ممتاز شخصیت کسی تعارف و ستائش کی محتاج نہیں۔ خاندانی عظمت، ملّتِ بیضا کی خدمت و حمایت، علمی فضیلت اور عالمِ باعمل ہونے کے لحاظ سے وہ طبقۂ امرا و علما دونوں کے فردِ فرید مانے جاتے ہیں۔

ہر دل عزیزی کا یہ عالم ہے کہ ہر ایسی تقریب پر جس کا تعلق آپ کی گرامی ذات سے ہو سب طرف سے مبارک باد کا غلغلہ بلند ہوتا ہے اور ہر طبقے کے لوگ اپنے اپنے رنگ میں تہنیت ادا کرتے ہیں۔

عہدۂ صدر الصدوری پر فائز ہوئے تو دُور و نزدیک کے مخلصین و احباب نے اردو فارسی، عربی میں تہنیتی قصائد، قطعات اور رباعیات لکھ لکھ کر نذر کیں جو آئینۂ محاسن کے نام سے عرصہ ہوا شائع ہو چکی ہیں۔ اس کے بعد خطاب سے سرفرازی، توسیع خدمت

سفر حج سے واپسی وغیرہ کے موقعوں پر بھی ان تبرکی نظموں کے پھول برسائے گئے۔ محامدِ حبیب اخلاص وعقیدت کی انہی پھولوں کا گلدستہ ہے جس کو اربابِ سخن کے اعترافِ کرم اور اظہار تشکر کے طور پر اب شائع کیا جا رہا ہے۔

نواب صاحب ممدوح کو اوائل سن سے علم وفن کے ساتھ طبعی لگاؤ تھا، انتہائی فارغ البالی اور مرفہ الحالی کے ماحول میں پرورش پانے کے باوجود آپ ہمیشہ علمی مشاغل میں منہمک رہے اور تحصیل علم کی دشوار گزار گھاٹیوں کو پورے شوق واستقلال کے ساتھ عبور کیا۔ علوم عربیہ کا بڑا حصّہ حضرت اُستاذ العلما مفتی محمد لطف اللہ صاحب رحمہ اللہ کے شاگرد رشید جناب مولانا محمد عبد الغنی خاں صاحب مرحوم رئیس قائم گنج ضلع فرخ آباد سے پڑھا جن کی فیضِ صحبت اور حسنِ تربیت نے استعداد فطری کے جوہر کو اور چمکا دیا۔ اس کے بعد بعض فنون کی تکمیل حضرت مفتی صاحب مغفور جیسے وحید العصر فاضل سے فرمائی۔ ان نفوس قدسیہ کے اثرِ صحبت، ذاتی شوق مطالعہ، اور مشغلۂ تالیف وتصنیف نے آپ کی وسعتِ نظر اور قابلیت علمی کو معراجِ کمال پر پہنچا دیا۔

آپ کی زندگی ابتدا سے اب تک خالص اسلامی زندگی کا قابلِ تقلید نمونہ رہی ہے حسن اخلاق، اہل علم کی سرپرستی، خدمتِ خلق آپ کا دیرینہ شعار چلا آرہا ہے۔ مسلمانوں کی علمی اور مذہبی ترقی کے لئے آپ نے اپنی گراں مایہ عمر کا بڑا حصّہ وقف رکھا۔ اس وقت بھی آپ ندوۃ العلما کے رکن رکین، مسلم یونیورسٹی کورٹ کے ممبر، اُس کی شاخ دینیات کے صدر، اور مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کے آنریری سکرٹری ہیں۔

نواب فضیلت جنگ حضرت مولانا انوار اللہ خاں صاحب مرحوم صدر المہام امور مذہبی
کی رحلت کے بعد جب ان کی جانشینی اور شعائر اسلامی کے تحفظ کے لیئے ایک موزوں ترین
شخصیت کے انتخاب کی ضرورت داعی ہوئی تو آپ کے اتقا، اتباع شریعت اور علم و فضل
کی شہرت کی بنا پر اعلیٰ حضرت خسروِ دکن خلد اللہ ملکہ کی جوہر شناس نظر نے اس عہدۂ جلیلہ پر
آپ کو مامور فرما کر اپنے حسنِ انتخاب سے مسلمانان ہند کے دل مسخر کر لیئے۔ اس مہتم بالشان
عہدہ کے فرائض بارہ سال تک جس قابلیت سے آپ نے انجام دیئے اور مسلمانوں کی
مذہبی اصلاح اور اخلاقی ترقی کے لئے جو کچھ کیا اُس کی تفصیل کے لیئے ایک مستقل رسالہ چاہیئے۔
عثمانیہ یونیورسٹی جو ایک امتیازی خصوصیت کی سرمایہ دار ہے اپنی آخری تشکیل و تکمیل
خصوصاً شعبۂ دینیات کے قیام اور الحاق میں آپ ہی کے پیہم دماغ سوزیوں کی رہین منت ہے
یہ کام صدر الصدوری کا جائزہ لیتے ہی بارگاہِ خسروی سے تمام و کمال سپرد ہو کر آپ کی رائے
اور صوابدید پر چھوڑ دیا گیا تھا۔ یونیورسٹی کے مصلحت شناس تاریخ نگار اس کا ذکر کریں یا نہ کریں
لیکن یہ واقعہ اپنی جگہ پر ہے کہ تمام مراحل و منازل کو عبور کر لینے کے بعد آپ ہی کی آخری
عرضداشت پر بارگاہِ جہاں پناہی سے یونیورسٹی کو چارٹر عطا ہوا۔ از روئے فرمانِ مبارک
اس کا افتتاح بھی آپ ہی کے دستِ مبارک سے ہوا۔ اور کئی سال تک اس کے سب سے
پہلے وائس چانسلر آپ ہی رہے۔ افتتاح کے وقت جو جامع اور مانع خطبہ آپ نے ارشاد فرمایا
وہ آپ کی روشن خیالی اور ادبی قابلیت کا بہترین آئینہ ہے جو آخر دیباچہ میں درج ہے۔
اعلیٰ حضرت شاہِ دکن خلد اللہ ملکہ کو آپ کی معاملہ فہمی، دیانت اور بے لوث طرز عمل پر

اتنا اعتماد رہا ہے کہ جاگیرات پائیگاہ کے تصفیہ کے لئے جب ایک کمیشن کا تقرر اس صورت سے منظور فرمایا گیا کہ اس کے دو رکن دولت آصفیہ کے اعلیٰ عہدہ دار ہوں گے اور ایک رکن گورنمنٹ آف انڈیا کا نامزد، تو فرمانِ خسروی کے ذریعے سے اس کی رکنیت کی عزت آپ کو عطا ہوئی۔

نواب نظامت جنگ بہادر سابق وزیر سیاسیات کی یہ رائے مبنی بر حقیقت ہے کہ:

"نواب صدر یار جنگ کی لیاقت، استعداد، دیانت و متانت کا آدمی حیدرآباد تو کیا ہندوستان میں نہیں مل سکتا۔"

۱۳۴۰ھ میں جب آپ دارالعلوم دیوبند کے معائنہ کے لئے تشریف لے گئے تو مہتمم دارالعلوم کی حیثیت سے جناب مولوی حبیب الرحمٰن صاحب عثمانی نے جماعتِ علما کی طرف سے آپ کا خیر مقدم کرتے ہوئے آپ کی حق پرستی، پابندیِ شریعت اور علمی فضیلت کا شاندار طریقہ پر اعتراف فرمایا، علمائے دیوبند کی طرف سے کسی ہستی کے ان اوصاف کا اعتراف گویا تمام ہندوستان کی علمی جماعتوں کا اعتراف ہے۔ یہی احترام آپ کو علمائے ندوہ کے حلقہ میں حاصل ہے۔

یوں تو آپ کی تصنیفات نہایت قابل قدر اور خوبی زبان و ادب کا بہترین نمونہ ہیں لیکن علمائے سلف اور نابینا علما بہت معرکۃ الآرا کتابیں ہیں جن سے آپ کی معلومات و مطالعہ کی وسعت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

شاعری کا ذوق اور مشق بھی دیرینہ و مکمل ہے، حسرت تخلص فرماتے ہیں، اردو و فارسی دونوں میں مشقِ سخن ہے۔ خمخانۂ جاوید میں آپ کا تذکرہ اور کلام شائع ہو چکا ہے۔ فارسی

غزلوں میں حافظ شیراز کا سوز و گداز، عذوبت و سلاست اور چستی و پختگی موجزن نظر آتی ہے۔

آپ کا کتب خانہ شائقین علم کے لئے حیات کدہ ہے مختلف علوم و فنون کے صدہا مطلّا و مذہّب نایاب قلمی نسخے اس میں موجود ہیں، اور فارسی کا تو اتنا نادر اور مکمل ذخیرہ ہے کہ ہندوستان کے کسی کتاب خانہ میں بہ مشکل ملے گا۔

تحریر کی طرح تقریر میں بھی آپ کو کمال حاصل ہے، بیان نہایت دلچسپ فصیح اور عالمانہ ہوتا ہے۔ باریک سے باریک نکات کو عام فہم زبان میں بے تکلف ادا کرنے کا ملکہ قدرت نے خاص طور پر عطا فرمایا ہے۔

سنہ ۱۳۴۴ھ میں بہ قصد حج و زیارت، حجاز تشریف لے گئے۔ سلطان ابن مسعود ملک حجاز نے بمبئی سے لے کر واپسی ہند تک جو احترام ملحوظ رکھا اور سفر و حضر میں راحت و آسائش کے لئے جتنا اہتمام کیا وہ کسی والی ملک کو بھی نصیب نہ ہوا ہوگا۔

سنہ ۱۳۴۸ھ میں بعض مصالح کی بنا پر صدر الصدوری کے عہدۂ جلیلہ سے مستعفی ہو کر مراجعت فرمائے وطن ہوئے اور خسرو دکن خلد اللہ ملکہ نے ساڑھے سات سو روپئے ماہوار وظیفہ حسن خدمت سے سرفراز فرمایا۔

خاکسار

محمد عبد الحی خاں

جامعۂ عثمانیہ کا خطبۂ افتتاحیہ

حضرات ارکانِ مجلسِ اعلیٰ، معزز رفقا، دیگر معززین، اساتذۂ کرام اور عزیز طلبا!
آج کا مبارک دن ایک تاریخی دن ہے اور غرۂ ذی الحجہ ۱۳۳۷ھ کو اعلیٰ حضرت آصف جاہ سابع خسروِ دکن خلّد اللہ ملکہ کے عہدِ ہمایوں کا وہ علمی کارنامہ شروع ہوتا ہے جو بفضلِ خدا صدیوں تک یادگار رہے گا۔ اس سرزمین میں مدتہائے دراز سے رودِ موسیٰ جاری ہے، جامعۂ عثمانیہ کا یہ چشمۂ فیض رودِ عیسیٰ بن کر مردہ دلوں کو زندہ کرنے اور جہالت کے مریضوں کو شفا بخشنے میں اعجازِ مسیحا دکھلائے گا، جس طرح خلیفہ ہارون الرشید کے بیت الحکمۃ اور خواجہ نظام الملک طوسی کے مدارس بغداد و نیشاپور کے مدارس نظامیہ کا نام صدہا برس گزر جانے پر بھی آج تک روشن ہے، اسی طرح جامعۂ عثمانیہ کے دارالترجمہ اور درسگاہوں کے کارنامے صفحاتِ تاریخ کو صدیوں تک منوّر و درخشاں رکھیں گے۔

انشاء اللہ العزیز۔

حضرات! علم بہت بڑی نعمت ہے اور اس نعمت کو بنی نوعِ انسان میں پھیلانا

سب سے بڑا فیض ہے، تعلیم ملکی زبان میں ایک ایسا دل کش خواب تھا جو برسوں ہمارے ملک میں دیکھا گیا۔ مبارک عہدِ عثمانی کی کیسی برکت ہے کہ ہم اُس روح پرور خواب کی تعبیر آج اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں ؎

مہِ مصر ست داغ از رشکِ مہتابے کہ من دیدم
زلیخا کور شد در حسرتِ خوابے کہ من دیدم

اعلیٰ حضرت خسروِ دکن خلد اللہ ملکہٗ کی سرپرستی میں مجلس اعلیٰ، رفقا اور اساتذہ کا یہ مجمع اس لئے قائم ہوا ہے کہ نعمتِ علم کو زیادہ سہل الحصول اور زیادہ سریع الفہم بنا کر (جس طرح حضور ملک معظم قیصر ہند نے اپنے شاہی پیام میں فرمایا تھا) "علم اور امید کی کرنیں غریبوں کی جھونپڑیوں تک پہنچا دیں"۔ یہ کام بہت مشکل تھا اور ہے، لیکن اعلیٰ حضرت کی شاہانہ سرپرستی اور توجہ، سرکار عالی کے محکمۂ تعلیمات کی جانفشانی اور ارکانِ دار الترجمہ کی محنت و عرق ریزی نے اس دشوار گزار مرحلہ کو اس قدر آسان کر دیا کہ آج ہمارا پہلا قافلہ بخیر و خوبی جادہ پیما ہوتا ہے، خدائے تعالیٰ اُس کو منزلِ مقصود تک صحیح و سلامت پہنچائے۔

جامعۂ عثمانیہ کی آیندہ نیک نامی اور کامیابی کا زیادہ تر دار و مدار اُس کے محترم اساتذہ اور عزیز طلبا کی کوششوں پر ہے۔ جامعۂ عثمانیہ کے حکام نے پوری کوشش لائق اور فاضل علما کے فراہم کرنے میں کی ہے۔ اور منشورِ خسروی نے علوم ظاہری کے ساتھ علم دین اور اخلاقیات کو لازم قرار دیا ہے۔ لہٰذا یہ توقع بالکل بجا ہے کہ ہمارے اُستادوں کی تعلیم میں علوم جدیدہ کی وسعت اور نئے اعلیٰ اصول تعلیم کے دوش بدوش قدیم اُستادوں کی شفقت

دل سوزی اور متانت و وقار کا جلوہ ہمیشہ نمایاں رہے گا اور ہمارے عزیز طلبا کی پیشانیوں میں مستعدی اور ہوشیاری کے ساتھ ساتھ ادب و سعادت کا نور ہمیشہ تاباں رہے گا جو تعلیم قدیم کا سرمایہ ناز ہے اور اس طرح جامعۂ عثمانیہ کی تعلیم قدیم و جدید دونوں تعلیموں کی برکتوں اور خوبیوں کا مجموعہ ہوگی اور اُس کے شاندار نتائج چاردانگ عالم میں اپنا کوسِ عظمت بجائیں گے ؎

یارب ایں آرزوئے من چہ خوش ست
تو بدیں آرزو مرا برساں

اب میں دعا کرتا ہوں کہ خداوند تعالیٰ اعلیٰ حضرت خسروِ دکن میر عثمان علی خاں بہادر آصف جاہ سابع کو سالہائے دراز تک صحت و قوت کے ساتھ صراط مستقیم اور تخت سلطنت پر قائم رکھے اور اُن کے اعزاز و جاہ و اقبال میں روز افزوں ترقی عطا فرمائے اور خاندانِ شاہی کو باصد جاہ و جلال اپنے حفظ و امان میں رکھے۔

محمد حبیب الرحمٰن خاں شروانی
نائب امیر جامعہ عثمانیہ

پنج شنبہ غرۂ ذی الحجہ
۱۳۳۷ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تہنیت سرفرازیِ خطاب از پیشگاہِ اعلیٰ حضرت خسروِ دکن

خلد اللہ ملکہ

از جناب نواب فصاحت جنگ بہادر حافظ جلیل حسن صاحب جلیلؔ، استاد خسروِ دکن

زیبا ہے آپ ہی کے لئے صدرؔ کا خطاب — اے صدرِ دیں فریدِ زمن صدر یار جنگ

علم و عمل میں فقہ میں تقوے میں زہد میں — ہیں آپ ہی وحیدِ زمن صدر یار جنگ

خطِ جلی میں ہے ورقِ روزگار پر — لکھا ہوا "سعیدِ زمن صدر یار جنگ"

تاریخ اس خطاب کی ہے ہدیۂ جلیلؔ

"علامۂ رشیدِ زمن صدر یار جنگ"

۱۳ ھ ۴۱

از جناب محمد عبدالحمید خاں صاحب پروفیسر فارسی عثمانیہ یونیورسٹی کالج

اے آں کہ ہست ذاتِ تو مر شرع را قوام — دین یافتہ ز رائے رزینِ تو انتظام

اندر دکن بوجہ حسن صدر یار جنگ

آنی کہ شد ز ذکرِ تو آفاق پُرصدا — آنی کہ شہد مدح و ثنائے تو خلق را
شیریں نمود کام و دہن صدریار جنگ!

آنی کہ از جبینِ تو نورِ خدا عیاں — واندر دلِ کریم تو حُبِّ نبی نہاں
ہمچو دلِ اویس قرن، صدریار جنگ!

بگزیدمر ترا نظرِ دوریابِ شاہِ — کو ملک را ست پُشت و پئے دین حق پناہ
عثمان علی، شاہِ زمن، صدریار جنگ!

طلبید و کرد مسندِ ملّت مقامِ تو — دادہ زمامِ دیں بہ کفِ انصرامِ تو
تا باشد از تو سدِّ فتن، صدریار جنگ!

بردی چو رنجہا پئے نشرِ علومِ دین — کردی چو سعیہا بہ قیامِ رسومِ دین
از جان و دل بسرّ و علن، صدریار جنگ!

بر اوجِ عزّت و شرفِ دیگرت نشاند — بر ترکشید پایۂ قدرت، ترا چو خواند
جمجاہ شہریارِ دکن "صدریار جنگ"

در فکرِ سالِ ایں شرفِ تازہ بُدحمید — ناگہ بگوشش از لبِ ہاتف ندا رسید
"صدرِ صدورِ ملکِ دکن صدریار جنگ"

۱۳۳۶ھ + ۵
۱۳۴۱ھ

از جناب حافظ محمد احسن صاحب شوقی رائے بریلوی

حبذا صدریار جنگ چو شد — شیرِ یزداں جنابِ شروانی
یعنی صدرالصدورِ عالی جاہ — مولوی حبیبِ رحمانی
از حضورِ شہِ فلک رفعت — رحمتِ ملک و ظلِّ سبحانی
باد میموں مبارک و مسعود — ایں خطابِ عطائے سلطانی

گفت شوقیؔ سنہ سرافرازی
اوج کوکب خطابِ عثمانی
۱۴ ھ ۱۳

از جناب مولوی سید اشرف علی صاحب اشرفؔ مفتی بلدہ

صدّیقؓ نے دیا ہے صداقت میں ان کو رنگ
فاروقؓ نے سکھائے عدالت کے خوب ڈھنگ
شیرِ خداؓ نے قوّتِ بازو سے دی مدد
عثمانؓ سے خطاب ملا صدر یار جنگ

از جناب سیّد اطہر حسین صاحب حیدرآبادی

شد از شہِ دکن چو سرافرازیِ خطاب — ہر دل شگفت و واشدہ چوں غنچہائے تنگ
صدر الصدور محکمۂ احتساب ہم — بر جائے خویش برد ازیں لطف خاص رنگ
ہجری سال از لبِ ہاتف بہ یادگار
نامی خطاب پاک زہے صدر یار جنگ

۱۴ ھ ۱۳

از جناب مولوی غلام محمد صاحب خطیب مکّہ مسجد حیدرآباد

ایکہ در عالم بہ نیکی نامِ تو مشہور باد — ذکرِ تو در بزم پاکانِ جہاں مذکور باد
تا جہاں را نقش باشد نامِ بر لوحِ وجود — حرفِ احسانِ تو بر لوحِ زماں مسطور باد
در حریم قربتِ یزداں عبادت گاہِ تو — بہر انوارِ تجلّی ہم عنانِ طور باد

ماہِ کامل ار بپوشد روے خود را باک نیست | روشن از انوارِ روے تو شبِ دیجور باد
ہر شرف کز پردہ تقدیر می آید بروں | در حصارِ ہمّتِ تو جاہ واں مستور باد
چشمِ الطافِ تو باد وا دیدبانِ بیکساں | دستِ فیضِ تو مسیحائے دلِ رنجور باد
در معائیکہ فکرِ عاقلاں ششدر بود | کمتریں فکرِ تو در تشریحِ آں منصور باد
اعتمادِ رائے تو خواہد کہ در ہر مشکلے | آنچہ منظورِ تو باشد شاہ را منظور باد
مرگ خود می خواست حاسد من حیاتش خواستم | تا کہ در اقبال و جاہت زندہ در گور باد
سعیِ تو چنداں کہ باشد بہر کارِ دیں بود | پیشِ داور روزِ محشر سعیِ تو مشکور باد
گاہ در ذکر و عبادت گاہ در فکرِ عباد | دائما اوقاتِ تو یارب چنیں معمور باد
از نفاذِ امرِ تو پیدا بود سرِّ قضا | معنیِ نقطِ قدر در رائے تو مسطور باد
مقتضائے طبعِ تو چوں محض نیکوئی بود | ہر چہ در امکاں بود عزمِ ترا مقدور باد
بر مرادِ جودِ تو گر عالمے را زر دہند | ہر گدائے بے نشاں قارونِ صفت گنجور باد
با عروجِ دنیوی ہم پیشوائے دین توئی | نامِ تو بر صفحۂ ہستی نبر مسطور باد
حلِّ ہر مشکل کنی آساں بوقتِ اختلاف | رائے تو در کارِ ملت رہبرِ جمہور باد
دولت و اقبال را باشد بہ بخت تو قراں | وز رخِ ایّامِ تو گردِ حوادث دور باد
نیک خواہِ تو سزاوارِ نعیمِ خلد باد | بدسگالِ تو بپاداشِ عمل مقہور باد
چہرۂ اقبالِ تو تاباں بود چوں آفتاب | گر ز خفاشی نہ بیند خصمِ تو معذور باد
از خطا عاری بود فکرِ صواب اندیشِ تو | نکتۂ تحقیقِ تو بہرِ عمل دستور باد

این خطاب از شہ مبارک باد و ہر روزت چنیں
دل بعقدِ کامرانی خرّم و مسرور باد

از جنابِ مولوی محمد عبد الجبار خاں صاحب آصفی ۔ مددگار معتمد صرفِ خاصِ شاہی

دادند دوش مژدہ کہ شد صدر یار جنگ | شروانیِ گزیدۂ اعیانِ روزگار

از اعتلائے پایہ ازیں پیش در دکن ‏ صدر الصدور بود بفرمانِ شہریار
بر پایۂ صدارتِ عالیہ اش فزود ‏ ایں پایۂ خطاب شرف بخش کردگار
گفتم بہ اہلِ ہوش کہ شہ قدردانِ اوست ‏ باشد چنیں مراتبِ خاصانِ شہریار
در ہند بحرِ دولت او موجزن بود ‏ اندر دکن بود ز علومش رواں بحار
از دستگاہِ دولت و سرمایۂ علوم ‏ باشد شہیر در ہمہ اعیانِ نامدار
باشد حبیبِ حضرتِ رحمٰن زحسنِ خلق ‏ دارد نظر بطالعِ او لطفِ کردگار
ایں خدمتِ صدارتِ عالیہ دیں خطاب ‏ زیباست با وجاہتِ نوابِ نامدار
آنرا کہ عزِّ دولت و جاہ و حشم بود ‏ برتر بود بعزّتِ دیں از ہمہ کبار
در کشورِ دکن ز حکیمانہ رائے وے ‏ محکم بنائے شرعِ متین است استوار
ہنگام وعظ خود بہ مجامع ہمی کند ‏ از پاسِ شرع آگہی از حکمِ کردگار
نُطقش گواہِ قوّتِ درّاکہ اش بود ‏ جائے کہ از بدیہ مضامین ست لکچرار
دنیا محلِّ عبرتِ اہلِ نظر بود ‏ او راست از حقایقِ کونیہ اعتبار
از قاضیِ وقار بود بر تجمّلِ دہر ‏ بر حلمِ او شہادتِ تمکین کوہسار
فتوٰی نویس زہد با صلاحِ نفسِ خلق ‏ از پاسِ امرِ شرع بنہیش نہد مدار
علّامۂ زمانہ و فہّامۂ بود ‏ کز علم و فہم اوست بعلم و حِکم افتخار
در سینہ اش بحارِ علوم اند موجزن ‏ می افگند بموجِ نفس دُرِّ شاہوار
ذاتش کہ مظہریست شیونِ کمال را ‏ بینی صفاتش آئینۂ سرِّ کردگار
عقلش کلیدِ قفلِ درِ مفصلاتِ علم ‏ فکرش بہ فتحِ بابِ غویصات دست یار
تہنیتِ خطابِ ہمایونش آصفی ‏ گویند از طرب چہ صغار اند و چہ کبار

یارب ز حادثاتِ زمانش نگاہ دار
چشمِ بدش مباد ز حسّادِ روزگار

از جناب محمد حبیب الدین صاحب صغیرؔ اہلکار محکمۂ امورِ مذہبی سرکارِ عالی

صد شکر ہے دکن میں عجب شانِ مذہبی
ہر قصر سے بلند ہے ایوانِ مذہبی

شاہِ دکن کی خاص توجہ سے آج کل
ہر طرح سے درست ہے سامانِ مذہبی

دل بستگی ہے شاہ کو مذہب سے اس قدر
جاری ہمیشہ ہوتے ہیں فرمانِ مذہبی

کیوں کر نہ بلبلانِ مذاہب کو ہو خوشی
آباد ہے دکن میں گلستانِ مذہبی

بازارِ کائنات میں دیکھو جو غور سے
چلتی دکاں ہے ایک ہی دکّانِ مذہبی

ہیں عرصہ ہائے کارِ جہاں اک سے اک وسیع
لیکن بڑا وسیع ہے میدانِ مذہبی

مذہب کا جس کو عشق ہے کچھ اس کو لطف ہے
ہے درد ہی میں لذّتِ درمانِ مذہبی

واقف ہیں اہلِ دل کہ کتابِ الست کا
دیباچہ ہے عبارتِ عنوانِ مذہبی

سارے جہاں میں ذرّہ نوازیِ شاہ سے
ہے روشنیِ مہرِ درخشانِ مذہبی

ہیں مذہبی فیوض سے لاکھوں ہی فیض یاب
پھیلا ہوا جہاں میں ہے فیضانِ مذہبی

مذہب کا خاص ہے شہِ ذی جاہ کو خیال
کہنا بجا ہے اس کو ہی سلطانِ مذہبی

پہلے یہ کب تھی محکمۂ مذہبی کی شان
پہلے کب اتنا جمع تھا سامانِ مذہبی

کب تھا وزیرِ محکمۂ مذہبی کوئی
کب کوئی حکم ہوتا تھا شایانِ مذہبی

کب مذہبی امور کی شہرت تھی ملک میں
تھا کون ایسا طابعِ فرمانِ مذہبی

ادنیٰ کرشمہ ہے شہِ عثماں کے عہد کا
رشکِ چمن بنا ہے بیابانِ مذہبی

اب مذہبی کے حکم پہ جھکتی ہیں گردنیں
ہے سب کے دل میں وقعتِ اعلانِ مذہبی

رحمٰن کے حبیب ہیں اب مذہبی کے صدر
یہ روحِ مذہبی ہیں یہی جانِ مذہبی

ہیں مذہبی امور کے موزوں یہ ہر طرح
اوصاف سے ہیں جن کے عیاں شانِ مذہبی

قدسی صفات اور تقدس مآب ہیں
سچ تو یہ ہے کہ ہیں یہی شایانِ مذہبی

واعظ ہیں نیکیوں کا سراپا نمونہ ہیں
ہے ان کے دم سے رونقِ دیوانِ مذہبی

منصف مزاج و خلقِ مجسّم ہے ان کی ذات
سب خوش ہیں ان سے پیر و جوانانِ مذہبی

ہیں ہم زبان ان کے ہی سب محکمہ کے لوگ
ہیں ہم خیال ان کے سب ارکانِ مذہبی

اخترؔ[1] ہیں معتمد تو مددگار نجمؔ[2] ہیں
دونوں ہیں نورِ مہرِ درخشانِ مذہبی

مذہب کے خیر خواہ ۔ بہی خواہِ ملک ہیں
پوشیدہ ان کے دل میں ہیں ارمانِ مذہبی

ہے صدر انجمن کا ہی آئینہ انجمن
وہ جسمِ مذہبی ہیں یہ ہیں جانِ مذہبی

کیوں کر نہ رائے معتمدی کی لطیف ہو
پاکیزہ پاک دل ہیں مشیرانِ مذہبی

ہے صدرِ مذہبی کی یہ سب نیک نیتی
ہمدرد مذہبی ہیں جو ارکانِ مذہبی

کیوں کر نہ ان کا شاہ کو ہر کام ہو پسند
محنت سے کام کرتے ہیں ارکانِ مذہبی

شہ نے خطاب ان کو دیا صدر یار جنگ
شان ان کی کیا بڑھی کہ بڑھی شانِ مذہبی

ہیں جمع آج جشنِ عطائے خطاب میں
عمّالِ مذہبی مع ارکانِ مذہبی

بیخودؔ مئے خوشی سے ہیں کرتے ہیں شکرِ شاہ
ہیں شادکام بادہ پرستانِ مذہبی

اے صدرِ مذہبی ہو مبارک تمہیں خطاب
کام آئی اب دعائے گدایانِ مذہبی

کس منہ سے یہ صغیرؔ ثنا آپ کی کرے
ہیں آپ ایک مہرِ درخشانِ مذہبی

ہوں خانہ زادِ مذہب و ملت قدیم سے
سایہ فگن ہے مجھ پہ بھی دامانِ مذہبی

خدماتِ مذہبی سے تعلق مجھے بھی ہے
ہوں میں شریکِ حلقہ بگوشانِ مذہبی

بچپن سے مجھ صغیرؔ کو مذہب کا عشق ہے
پیوستہ میرے دل میں ہے پیکانِ مذہبی

مجھ کو بھی حق ہے آپ کی مدحت سرائی کا
اجداد تھے مرے بھی ثنا خوانِ مذہبی

رونق فزائے انجمنِ مذہبی ہیں آپ
سرسبز آپ سے ہے گلستانِ مذہبی

اصلاحِ مسلمیں کی نہ کیوں آپ کو ہو فکر
ہوتی ہے اس سے قوتِ ایمانِ مذہبی

سارے دکن کے اہلِ مذاہب ہیں ان سے خوش
سب پر ہے نورِ نیّرِ تابانِ مذہبی

[1] مولوی [illegible] عبد اللطیف احمد صاحب [illegible] معتمد امور مذہبی سرکار عالی

[2] مولوی [illegible] مددگار امور مذہبی ۱۲

اعدائے مذہبی سے بھی آگاہ آپ ہیں — ہیں آپ کی نظر میں محبانِ مذہبی
سب کی خبر ہے آپ کو سب جانتے ہیں آپ — جس حال میں ہیں گوشہ نشینانِ مذہبی
اب آپ پر ہی اہلِ مذاہب کی ہے نظر — اب آپ ہی کے ہاتھ ہے میدانِ مذہبی
اونچی دکان والوں کا سب راز کھل گیا — خانہ نشیں ہیں دین فروشانِ مذہبی
سر رشتۂ امورِ مذاہب کے آپ صدر — ہیں آپ ہی تو باعثِ احسانِ مذہبی
سرتاج مذہبی ہیں خدا رکھے آپ کو — ہے نام آپ کا سرِ دیوانِ مذہبی

بس ختم کر صغیر دعا حق سے مانگ اب
قایم رہے یہ مہرِ درخشانِ مذہبی

قطعہ تاریخ

رحمٰن کے حبیب کو شہ نے دیا خطاب — کیوں کہ نہ سب کے دل میں مسرت کی ہو امنگ
کہہ دے یہ تو بھی مصرعِ سالِ خوشی صغیر — صدرِ امورِ ملک لقب صدر یار جنگ

۱۳ ھ ۱۴

از جناب قاضی محمد حسین نواز خاں صاحب قاضی بلدہ اورنگ آباد

آج کیوں اتراتی آئی ہے صبا — آج گلشن کا نرالا کیوں ہے رنگ
ہر طرف نغمہ سرا ہیں بلبلیں — ہر طرف بس ہے نیا نغمے کا ڈھنگ
ہر طرف غل ہے مبارک باد کا — ہر طرف سب کھیلتے ہیں آج رنگ
ہر طرف ہے بلبلوں کا جمگھٹا — ہر طرف گل بھی کھلے ہیں رنگ رنگ
ہر طرف شاخیں جھکی ہیں سرِ رکوع — ہر طرف یا ربنا کا شور و شنگ
ہر طرف ہر شخص ہے محوِ سرور — ہر طرف مستِ چمن دل کی امنگ

ناکہ گلشن کا جو روکے ہے صبا — آنہیں سکتی خزاں ہی راہ تنگ

پانی پیتے ہیں برابر ایک گھاٹ — شیر بکری میں نہیں اب ہوتی جنگ

اک زمانہ محوِ حیرت جس سے ہے — ایک عالم دیکھ کر جس کو ہی دنگ

کون آیا ہے خوشی کس بات کی — مذہبی دنیا میں کیوں ہی شور و شنگ

میں نے گلشن میں صبا سے یہ کہا — ہی یہ سب کس کی بدولت آج رنگ

مست ہے کیوں آج گلشن میں ہر ایک — تو۔ وہ خوش ہو کر یہ بولی بے درنگ

بس وہی رحمٰن کے ہیں جو حبیب — ہے انھیں کے جشن کا یہ شور و شنگ

یہ بھی سن لو ہیں وہ کس سی فیض یاب — یہ بھی سن لو وہ کہاں سی لائے رنگ

ظلِ سبحاں میر عثمانِ علی — غیرتِ دارا جو ہیں رشکِ فرنگ

عمر اور اقبال اس کا ہو فزوں — ہے انھیں کے فیض سی سارا یہ رنگ

طول سے کیا فائدہ کلکِ زباں — بلکہ یہ دل سے دعا کر بے درنگ

دین و دنیا میں رہیں صدر الصدور — ہر جگہہ ایسا نیا لائیں یہ رنگ

ہے لکھی بے مثل تاریخ خطاب
زینت الدارین صدرِ یار جنگ

۱۳ ف ۳۲

از جناب سید شاہ یحییٰ صاحب قادری الموسوی سجادہ نشین حضرت شاہ موسیٰ قادری رحمہ اللہ

صدرِ بزمِ اتقا صدر الصدور — ذی ہمم بحرِ کرم والاجناب

دودمانِ علم کے چشم و چراغ — آسمانِ تمکنت کے آفتاب

آپ نے پایا خطابِ ارجمند — بے عدیل و بے نظیر و لاجواب

صدر اوّل میں ہے آخر یار جنگ ہے یہ سلطانِ دکن کا انتخاب
نذر ہے تاریخ یہ سردار کی
شاہِ آصف سے ملا عالی خطاب

۱۳ ھ ۴۱

از جناب ریاض الدین علی صاحب صدّیقی "ریاض"

از راہِ دیں جو عزتِ دنیا ملے ریاضؔ رکھتی ہے دو جہان میں وہ ایک خاص رنگ
یعنی وہاں کا حال دکھا دیتی ہے یہاں سمجھو اک آئینہ ہے نہیں جس پہ کوئی زنگ
چیز ہے کہ بے سوال رسد دادہ خدا ست میرے خدا کے دین کے ہیں لاجواب ڈھنگ
شاہی خطاب سن کے یہ میں نے شگون لیا
حضرت بجاہِ نفس کے ہیں صدر یار جنگ

تہنیتِ سہ افزائی توسیع خدمات پیشگاہ اعلیٰحضرت شاہِ دکن خلّد اللہ ملکہ

از جناب مولوی محمد عبد الحمید خاں صاحب پروفیسر فارسی عثمانیہ یونیورسٹی کالج

منّت خدائے را کہ زفضلِ عمیم او — دل را رسید گوہرِ مقصود گر بچنگ
شد بہرہ یاب عزّتِ توسیع خدمتش — صدر الصدورِ ملکِ دکن صدر یار جنگ
پایندہ باد دولت و بختِ جوانِ او — چنداں کہ آسمان و زمین را بود درنگ
جاہش مدام و کارِ جہانش بکام باد — آید ہمیشہ پائے بد اندیشِ او بسنگ

سالش حمید از لبِ ہاتف بگوش خورد
"صدرِ صدورِ ملکِ دکن صدر یار جنگ"

ایضاً

اے شاہِ سکندر بخت، اے ثانی افلاطوں — اے مایۂ صد نازِ دارائی و دانائی
مذہب کا گلستاں تھا پژمردہ مگر نوبت — اور نگ نشینی کی جس دم کہ تری آئی
تو ابرِ کرم بن کر اس باغ پہ یوں برسا — ہر نخل ہوا تازہ، ہر شاخ ثمر لائی
تھا مدِّ نظر لیکن، شاداب یہ ہو اتنا — ہو دیدہ فروز اس کی سرسبزی و رعنائی
خدمت تھی بہت نازک، موزوں نہ ملا کوئی — تب ہند کی اک شایاں ہستی تجھے یاد آئی
شاہا، ترا کیا کہنا وہ ذات چنی تو نے — مشہور و مسلّم ہے جس کی چمن آرائی
دربار سے جب تیرے پہونچا یہ پیام اس کو — "شمشاد خراماں کن تا باغ بیارائی"

شیدائیِ مذہب تھا علامۂ شروانی   لبیک کہا جوں ہی اُس تک یہ صدا آئی
دنیا کی وجاہت کا طالب وہ نہ تھا ہرگز   خالق کی رضا جوئی صرف اس کو دکن لائی
اس بندۂ حق جو نے وہ کام کیے آکر   جن سے چمنِ ملّت میں تازہ بہار آئی
اخلاص بھرے دل سے ہر نخل کو یوں سینچا   ہر لب سے سُنی تحسیں ہر دل میں جگہ پائی
کیوں کر نہ پھلے پھولے کیوں ہو نہ تر و تازہ   وہ باغ جسے سینچیں شروانی و مینائی
شہ نے بھی نہ کی کوئی اعزاز میں کوتاہی   پہلے تو خطاب آیا بارفعت و زیبائی
اب لطفِ شہانہ سے شوّال کی گیارہ کو   توسیعِ دو سالہ سے کی مرتبہ افزائی
اس حق کے فدائی کی توسیع جو کی شہ نے   حق میں ہوئی مذہب کے اک اور مسیحائی

اقبال ہو دن دونا اے شاہِ دکن تیرا
دولت کی یہ ہے تیرے قدموں پہ جبیں سائی

ایضاً

ہے طبیعت میں آج جولانی   نظم لکھتا ہوں ایک لاثانی
سُن لے اس کو کہیں جو خاقانی   ہو کے رہ جائے شرم سے پانی

کیوں کہ ہے اس میں مدحِ شروانی

صدرِ ملّت حبیبِ رحماں خاں   ہیں فرشتہ بصورتِ انساں
ہند ہے ان کی ذات پر نازاں   ان کے اوصاف کس طرح ہوں بیاں

وقت کوتاہ و قصّہ طولانی

عالمِ باعمل ہیں صدر صدور   مائلِ خیر اور شر سے نفور
عابد و زاہد و حلیم و شکور   دل بھی پایا ہے ویسا ہی پُر نور

جیسی صورت ہے ان کی نورانی

دینِ حق کے لئے کیے وہ کام   ہوئی جس سے ترقیِ اسلام

ہیں پسندیدۂ حضورِ نظام ان کا کرتے ہیں وہ بہت اکرام

رہے قایم یہ لطفِ عثمانی

ان کے دم سے ہیں مسجدیں آباد بڑھ گئی ہر طرف خدا کی یاد

ان کی توسیع سے ہی ہر دل شاد خوش رہے ان کی آل اور اولاد

ان پہ دایم ہو فضلِ رحمانی

ہوا جس دم حمید مدح نگار نکلے اس کے قلم سے وہ اشعار

جن کا ہر لفظ ہے دُرِ شہوار کیوں نہ بے مثل نظم ہو یہ شمار

جب ہو ممدوح ایسا لاثانی

از جناب مولوی محمد عادل صاحب قدوسی رکن دائرۃ المعارف

چہ دردِ قوم کز و سینۂ پُر شرر دارم صد اضطراب بہر گوشۂ جگر دارم

بیا و لشکرِ اسلام را علم بر دار کہ خار ہائے حوادث بہ رہ گزر دارم

ہزار نہ اس بمیداں ہمی کشد دل را اگرچہ شوکت و قوت نہ بال و پر دارم

بلے نہ شیوۂ مردانہ یاس و نومیدی ست چو دردِ دل بحضوری چارہ گر دارم

چرا نہ وصفِ حقیقت کنم دلم دادند چرا نہ عارفِ نعمت شوم نظر دارم

سزد بنازم اگر بر وجودِ او کز وے بجرِ علم صدف ہائے پُر گہر دارم

ہزار غنچۂ علم و عمل شگفت ایں جا ہزار شمع منور زیک قمر دارم

بگو بمحفلِ حکمت نہ شمع ناز کند کہ صدرِ بزمِ ادب صاحبِ ہنر دارم

دران زماں کہ نیر زدہ بہائے علم بجو ادب نواز و ہنر صاحبِ نظر دارم

چہ باک وادئ پُر خار گر بہ رہ افتد کہ شمع لطف کسے حاصلِ بصر دارم

چہ صیتِ نغمۂ توسیع داد ہاتفِ غیب کہ تا ہنوز ز ذوقش بدل اثر دارم

ولا بتحفۂ مسرت بگو مبارک باد کہ شان کوکبۂ نصرت و ظفر دارم
چہ نذر جز دلِ عاول بیادگارِ حبیب
کہ در گلیمِ فقیری ہمیں گہر دارم

از جناب مولوی حافظ علی اکبر خاں صاحب شروانی ایم اے رئیس حسن پور ضلع علی گڑھ

مہرِ ملت را مبارک شوکتِ نصف النہار کورِ چشمِ حاسداں را گوشہ شبہائے تار
ذرہ ہائے خاک را گنجینۂ انوار کرد اکتسابِ صد ہزاراں جلوہ ہائے مستعار
در چمن پیکِ نسیم آورد ہنگامِ سحر بلبلاں را مژدۂ توسیعِ ایامِ بہار
روئے گل چوں سیر دیدن آرزو ارد چمن آمدِ فصلِ خزاں ناگاہ بودے ناگوار
از لبِ ہر ذرہ مے آید صدائے العطش وائے گر از تابِ گرما خشک گشتے جویبار
انتظامِ کار روپیں ناوردہ تاحدِ کمال حیف گر رفتے وطن شروانیِ والا تبار
یادگارے زندۂ از نامدارانِ سلف قرۃ العینِ دکن صدر الصدورِ نامدار
دیگرے ایں منصبِ اعزاز را شایاں کہ بود مسند آرائے صدارت گر نبودے صدیار
دستِ دارائے دکن طغرائے فرمانے نوشت کاستانِ عزتش بوسید کلکِ زرنگار
دانۂ ہر چند کاندر دانہ ہا شہوار بود آفریں بر انتخابِ لاجوابِ شہریار
منکہ از نظمِ ستایش ناتوابیگانہ ام حقِ مدحش چوں گزارم جز بحرفِ اعتذار
مہرِ خاموشیم را زخمِ شکستن نامہ سے گر نمی دیدم حریفاں را سرِ میدانِ کار
سبزۂ بیگانہ گلبانگِ مسرت می زند مرغِ گلشن چوں نشنید سرنگوں و شرمسار
اے بسا تقریرِ طولانی کہ شد وجہِ ملال لاجرم باید نمودن بر دعائے اختصار
یا ربش دل زندہ تر بادا روان تابندہ تر دست بالا تر قدم پایندہ تر در کارزار
پایہ برتر عالے ددا آفریں سرگرم تر چہرہ روشن تر ز نورِ معرفت روزِ شمار

رنج و غم نابود تر فرزند و زن مسعود تر
عاقبت محمود تر خوشنود تر پروردگار

از جناب مولوی محمد حبیب الدین صاحب صغیر اہلکار محکمہ امور مذہبی

کیوں صدر یار جنگ کو دُہری خوشی نہ ہو — ہے ان پہ شہ کا لطف و کرم فضلِ رب کے ساتھ
بعدِ خطاب کام کی توسیع بھی ہوئی — جو آرزو بھی نکلی وہ عیش و طرب کے ساتھ
کیوں کر خوشی نہ مجھ کو ہو توسیع کی صغیر — میں بھی شریکِ بزمِ مسرت ہوں سب کے ساتھ
ہر ایک نظم و نثر میں عشرت فزا ہے آج — تاریخ پیش کرتا ہوں میں بھی ادب کے ساتھ

اے صدر یار جنگ مبارک ہو آپ کو
توسیع ہو گئی تو عطائے لقب کے ساتھ

۱۳۴۱ھ

از جناب مولوی سید معین الدین صاحب منتظم پیشی عالیجناب سابق صدر الصدور صاحب بہادر

گلشنِ اقبال پر چھایا ہے پھر ابرِ بہار — تا کرے فرقِ مبارک پر دُرِ غلطاں نثار
اے خوشا اقبال تیرا اے خوشا دورِ نکو — سبز ہیں مثلِ زمرد دین کے اب مرغزار
ہم لگاتے ہیں پتہ آغاز سے انجام کا — حالتِ سالِ نکو بتلاتی ہے اس کی بہار
ملکِ محروسہ میں ہیں مذہب کی بزم آرائیاں — کیوں صدارت پر نہ ہو آئینۂ جنت کا نکھار
قدرِ گوہر شاہ داند یا بداند جوہری — سنگریزوں سے ہی چنتے ہیں جوہر شاہوار
میر عثمان علی خاں آصفِ نقاد نے — چن لیا تجھ کو کہ ہاں تو ہی ہے دُرِ آبدار
کشتئ شوال میں لو ایک گلدستہ بنا — گیارہویں شوال لائی نذر کو اے ذی وقار
کر رہے ہیں یہ دعا مذہب کے خیر اندیش سب — نذرِ شیروانی ہوں سو گلدستے ایسے بار بار

تیری دولت کی بدولت آج ہے اپنی نمود تیرے عزّو جاہ پر ہے اپنی ہستی کا مدار
خیر و البتہ ہماری تیری خیریت سے ہے شاد اگر تو ہے تو ہم بھی شاد ہیں ای صدر یار
شاعری سے منتظم کو واسطہ حاشا نہیں
نظمِ بالا صرف ہے جوشِ مسرت کا ابھار

نظم بالا کے شکریہ میں جناب نواب صدر یار جنگ بہادر نے چند اشعار لکھ کر جناب منتظم صاحب کو بھیجے تھے، جن کو موصوف نے مخمس کر کے پھر پیش کیا۔ مناسبِ موقع ہونے کی لحاظ سے ان کو بھی درج کیا جاتا ہے:

نظم کس قابل تھی میری اے امیر ابن امیر داد سے ذرّے کو تو نے کر دیا مہرِ منیر
یعنی شکریے میں یوں بھیجی ہے نظمِ بے نظیر "منتظم صاحب کا حسرت دل سے ہوں منت پذیر
کس مسرت سے لکھی ہے مدح میری بار بار"
اے حبیبِ نامور یہ نام ہی محبوب ہے ہیں ہزاروں تیرے طالب ایک تو مطلوب ہے
داد کا ممدوح کی دیکھو تو کیا اسلوب ہے "نظم ستھری چست بندش نظم ان کی خوب ہے
ہے بجا اُس پہ اگر ہوں گوہرِ تحسیں نثار"
صدر کل اسلامیان کردہ ترا افعال خیر تو تو ہے خیرِ مجسّم، حال تیرا حال خیر
یا الٰہی حال ثابت ہو ترا یہ قالِ خیر "میری خدمت کے لئے لاریب ہے فالِ خیر
آفریں فرما ہے اُس پر سیّدِ والا تبار"
تُو دعا کو ہاتھ اٹھا خیر سے کس صدر کا اب کہاں مقبولیت یارا ہے تجھ کو صبر کا
خود اجابت کو ملا موقع یہ اچھا فخر کا "واسطہ یا رب ترے محبوبِ عالی قدر کا
خوش رہیں دارین میں ممدوح اور مدحت نگار"
ہاں دعائے منتظم کر لے قبول اے کارساز اے حبیبِ نامور تو اور بھی ہو سرفراز

سب کہیں آمین مل کر در اجابت کا ہے باز — "دینِ حق کے دونوں ہوں خدمت گزارِ با نیاز

ان کی خدمت سے ترقی پائے ملت کا وقار"

دیگر

از جناب سیّد معین الدین صاحب منتظم

جب تم سا پایا مقتدا ہم کرتے ہیں شکرِ خدا — ہاں آج یومِ عید ہے یہ عید ہے فرحت فزا

اور عید یہ وہ عید ہے عیدیں ہوں سو جس پر نثار — ماہِ مبارک مرحبا۔ تو۔ چاند ہے شوّال کا

دو چاند تجھ میں عید کے۔ اے مرحبا صلِّ علیٰ — اک چاند یعنی عید کا اور دوسرا تو سبع کا

ایسی نوید آئی کہ غنچے سب دلوں کے کھل گئے — مدّت سے ہم تھے منتظر صد شکر مژدہ آگیا

لو ہو مبارک آپ کو صدر الصدورِ با وقار — اللہ کی رحمت ہوئی تم کو بنایا پیشوا

لازم ہے ہم سب کو یہی دل سے بجا لائیں سپاس — کیا فضل سے رحمٰن نے اپنا حبیب ہم کو دیا

مٹ جائیں گی سب رسمِ بد آثار ظاہر ہو چلے — ہے صدر انعامِ خدا۔ ہے صدر فضلِ کبریا

مذہب سے اب نفرت کہاں بدعت کی وہ شدت کہاں — دونوں کی رخصت ہو چکی دونوں کا لپٹا بوریا

تم خود ہو جیسے باصفا ارکان بھی ویسے ملے — مینائی صاحب معتمد۔ سونے پہ مینا ہو گیا

تم صدر ہو وہ معتمد۔ تم مہر ہو وہ ماہ ہیں — تم دو نے اپنے نور سے اسلام میں بھر دی ضیا

یہ ہے صدارت اور امورِ مذہبی کی انجمن — یہ نظمِ شمسی رات دن ہے گردِ مرکز گھومتا

ساری کشش مرکز کی ہے جس پر ہے سب دار و مدار — ہاں نظم کے اجرام مرکز کے لئے مانگو دعا

سایہ فگن اللہ ہو اور ظلِّ ظلُّ اللہ ہو — اسلام کی رونق بڑھے سکہ جمے اسلام کا

"عثمان علی شاہِ دکن" ہیں نظمِ شمسی کے فلک

تا عرش ان کا اوج ہو آمین اے ربّ العلا

از جناب مولوی سید غلام مصطفٰی صاحب ذہینؔ حیدرآباد

کیا جاں فزا یہ مژدہ ہے بادِ بہار کا　　گلدستہ ہو بشر چمنِ روزگار کا

زینت یہ گُل کی نسبتِ گوشِ بشر سے ہو　　نرگس کو آنکھ سے ہو شرف افتخار کا

تشبیہ قد سے سرو کا وہ مرتبہ بڑھا　　پایا لقب درختِ ہمیشہ بہار کا

ہو کر ضعیف سب سے جسارت میں بڑھ گیا　　قابل بشر ہی نکلا امانت کے بار کا

ہے یوں تو ساری خلق پہ رحمت رحیم کی　　ہے نیک مستحق کرم کردگار کا

رحمٰن کا حبیب جو ہو کیوں نہ ہو وہ نیک　　کیوں مستحق نہ ہو شرف و افتخار کا

صدر الصدورِ مذہبی ہیں صدر یار جنگ　　شہرہ ہے ہر سو آپ کے عمدہ شعار کا

توسیع آپ کی ہوئی سب شاد ہو گئے　　قائل جہاں ہے آپ کے عزّ و وقار کا

صدر الصدور کا لقب اس کی دلیل ہو　　پایہ بلند آپ کے ہو اعتبار کا

اچھی طرح سے جانتی اور مانتی ہے قوم　　جو وصف ہو جناب میں اخلاص پیار کا

ہمدردِ قوم اور ہیں غم خوارِ قوم آپ　　غم دیدہ کیوں نہ شیفتہ ہو غم گسار کا

دونوں جہاں میں کیوں نہ ہیں سرخ رو جناب　　آغاز سے خیال ہے انجامِ کار کا

چشمِ جہاں میں کیوں نہ ہو عزت جناب کی　　فضل و کرم ہے آپ پہ پروردگار کا

خوبی سے کارِ مذہبی انجام دیتے ہیں　　پھر کیوں نہ لطف آپ پہ ہو شہر یار کا

ہے دل سے مدح خوان و دعا گو ذہینؔ بھی
شروانیِ کریم و سخاوت شعار کا

از جناب شاہ سیّد یحییٰ عالم قادری سجّادہ نشین درگاہ حضرت سیّد شاہ موسیٰ قادری قدس سرّہٗ

اے صدر بزمِ شرع مبارک ہو آپ کو — اللہ کا کرم نگہِ لطف شاہ کی

وسعت ملازمت میں ہوئی جائے شکر ہے — رحمت ہوئی دکن پہ یہ بارِ الٰہ کی

تسلیم سب کو آپ کا فضل و کمال ہے — حاجت سند کی ہے نہ ضرورت گواہ کی

سردار لکھ وہ سال فدا جس پہ جان ہو

توسیع ہوگئی ہے صدارت پناہ کی

۱۳ ھ ۴۱

از جناب محمد مظفر حسین خاں صاحب سلیمانی شاہ آبادی

سُنا جب مژدۂ توسیع ذی شان — ہوئی حاصل مسرّت دل کو واللہ

رہیں یارب ہمیشہ شاد و خرّم — ہمارے محترم مخدوم و دل خواہ

دیانت دین داری حق پسندی — ملی حصّہ میں ان کے سب ہیں آگاہ

مظفر فکر ہے تاریخ لکھ دے

ہوئی اب بے بدل توسیع ذی جاہ

۱۳ ھ ۴۷

قطعات تہنیت و تاریخ مراجعت از سفر حج

از جناب محمد مظفر حسین خاں صاحب سلیمانی شاہ آبادی

حرمین کا سفر ہو مبارک جناب کو — دونوں جہاں میں آپ رہیں شاد و باوقار
عزمِ حجاز آپ نے امسال کر دیا — صد شکر آپ جا کے ہوئے خوب کامگار
واپس جو آئے سب کو نہایت خوشی ہوئی — آنے کا آپ کے تھا ہر اک دل کو انتظار
حاصل ہوا بفضلہ دارین کا شرف — اسرار سرمدی کا ملا گنج و افتخار
راہِ حجاز میں وہ مناظر نظر پڑے — ظاہر تھی جن سے شانِ خداوندِ کردگار
تازہ طوافِ کعبہ سے ایمان ہو گیا — ہر ہر قدم پہ رمزِ حقیقت تھے آشکار
عرفات پر تھا نورِ تجلی ضیا فگن — تاباں ہے جس سے ذرۂ ہر دشت و کوہسار
جو جو مقام عرصۂ امید و بیم تھے — تائید ایزدی سے ہوئے رشکِ لالہ زار
حاضر ہوئے رسول کے روضہ پہ شوق سے — برسوں سے جس کی دید میں تھا قلب بیقرار
عرشِ فلک سے جس کا ہے پایہ بڑھا ہوا — تعظیم جس کی کرتے ملائک ہیں بے شمار
کھائی قسم خدا نے اسی ارضِ پاک کی — آرام میں یہیں تو ہیں سرکارِ نامدار
پھیلا یہاں سے چشمۂ اسلام دہر میں — ہر ذرّہ اس جگہ کا ہے خورشید فیض بار
انوارِ کبریائی نمایاں ہیں چار سو — پاتے یہاں ہیں دولتِ کونین خاکسار
القصہ فیض یاب ہوئے آپ قرب سے — پایا وہ جس پہ نعمتِ دارین ہو نثار
کر اس دعا پہ جلد مظفر یہ نظم ختم — قایم ہو ان سے گلشنِ اسلام کی بہار
یہ مذہبی امور کے صدر الصدور ہیں — عاجز کے چارہ ساز غریبوں کے غمگسار

مقبول حج ہو آپ کا اے صدر یار جنگ
راضی رہیں جناب سے محبوبِ کردگار

بتقریب ایٹ ہوم منجانب مولوی محمد عبدالحمید خاں صاحب مددگار پروفیسر بعد واپسی از سفرِ حجاز

صدر الصدورِ ملکِ دکن صدر یار جنگ
ممدوحِ روزگار رہیں علامۂ جہاں

ہیں جامع الصفات زمانہ میں محترم
قدرت سے بیشمار ملیں ان کو خوبیاں

فضلِ خدا سے ملک میں یہ فخرِ قوم ہیں
ذی عقل و دیندار سخن سنج نکتہ داں

شاداب ان کی ذات سے گلزارِ علم ہے
سیرابِ ابرِ فیض سے ان کے ہوا اک جہاں

خوشبو سے خلق آپ کی پھیلی وہ چار سو
جس سے ہوا ہے سب کا معطر مشامِ جاں

کھلتے ہیں بابِ علم مواعظ سے آپ کے
منبر پہ آپ ہوتے ہیں جب جا کے دُر فشاں

فضل و کمال و علم میں ممتازِ دہر ہیں
جاہ و حشم میں ان کا ہے مشہور خانداں

اکثر کتابیں آپ کی تصنیف سے چھپیں
سمجھی گئیں جو ملک میں دلچسپ بیکراں

ممدوح کا وجود ہے دنیا میں مغتنم
اب دیندار خلق میں ایسے بھلا کہاں

ایسے ہوئے ہیں کارِ نمایاں جناب سے
خلقِ خدا ہے شام و سحر جس کی مدح خواں

امیدگاہ ان کو سمجھتے ہیں اہلِ علم
اہلِ ہنر کے دل سے ہیں موصوف قدرداں

رونق پذیر آپ سے مذہب کا ہے چمن
یارب رہے بہار ہمیشہ یہ بے خزاں

دل میں بھرے تھے عشقِ محمد کے ولولے
مدت سے شوق تھا کہ مدینہ کو ہوں رواں

امسال آپ حج کو گئے ذوق و شوق سے
پائے طوافِ کعبہ میں انوارِ بیکراں

فارغ ہوئے جو حج کے فریضہ سے محترم
سوئے مدینہ لے کے چلا میرِ کارواں

حاضر ادب سے روضۂ پُرنور پہ ہوئے
اسرارِ سرمدی کا ملا گنجِ شائگاں

گل ہائے باغِ فیضِ رسالت کے چن لیے
فخر و شرف سے حق نے کیا رشکِ قدسیاں

خوش قسمتی سے حج و زیارت ہوئی نصیب — حاصل ہوئی سعادتِ دارین بیگماں
صد شکر آپ آئے مع الخیر ہند میں — دل مخلصوں کے ہوگئے مسرور و شادماں
توسیع و واپسی کی نہایت خوشی ہوئی — احباب کے دلوں کی مرادیں ہوئیں عیاں
فرطِ خوشی سے دیتے ہیں ایٹ ہوم آپ کو — لائق عزیز آپ کے عبدالحمید خاں
کرتا ہے نذر پیشِ مسافر یہ تہنیت — مقبول ہو یہ ہدیۂ ناچیز نقدِ جاں

یہ نظم اس دعا پہ مظفر تو ختم کر
دولت فزوں ہو عمرِ خضر عیشِ جاوداں

ہدیۂ تہنیت منظومہ جناب عبدالوہاب صاحب عندلیب حیدرآبادی

جو سفرِ حج سے مع الخیر واپسی کی مسرت و یادگار میں دعوت کے موقع پر عالیجناب نواب صدر یار جنگ بہادر مولانا محمد حبیب الرحمٰن خاں صاحب شروانی مدظلہ العالی کی خدمت سراپا برکت میں بصد ادب و نیاز سنا کر پیش کیا گیا۔

(منجانب عابدہ خاتون دختر ہمشیرہ نفیس دلہن صاحبہ)

مبارک آنا یہ آپ کا ہے کہ بزمِ شاہی میں جاکے آئے — کہ ہیں جو سب کے دلوں کے مالک انھیں دل اپنا دکھا کے آئے
زہے محاسن زہے فضائل کہ فضلِ حق حال کے ہیں شامل — امارتِ دنیوی تھی حاصل سعادتِ دین پا کے آئے
تپش نہیں یا قرار کھوتی خلش نہیں خار اب چبھوتی — وہ قطرۂ اشک سب ہیں موتی وہاں جو آنسو بہا کے آئے
عجیب ہے لطفِ دردِ الفت کہ عیش میں بھی نہیں یہ لذت — ملی جنھیں لذتِ جراحت وہ اور بھی زخم کھا کے آئے
مدینہ جانا جو تھا سعادت تو واپس آنا یہاں ہے برکت — ہے اب ہمیں انتظارِ رحمت کہ شہ کو دکھ سب سنا کے آئے
پیامِ قومی کہا زبانی سنائی حالت جو تھی سنانی — ہمیں نہ کیوں کر ہو شادمانی کہ کام سارا بنا کے آئے
جو حج کر آئے وہ ہے معظم وہ ہے مقدس وہ ہے مکرم — قدم نہ کیوں اس کے چوم لیں ہم مدینہ جو کوئی جا کے آئے
نگاہیں ان پر جمائے ہیں ہم ان سے نظریں ملائے ہیں ہم — جو روضۂ سرورِ دو عالم کا نقش دل میں جما کے آئے

کشش کا یہ فیض ہے یقیناً کبھی مدینہ کے گلستاں کا — اِدھر جوں ہی کر لیا تصوّر اُدھر سے جھونکے صبا کے آئے
یہ کیسی خوش قسمتی ہے اُن کی ہو فضلِ خالق کا اُن پہ کیسا — مدینہ جو لوگ جا کے آئے وہ فیضِ باطن بھی پا کے آئے
مدینہ کی یاد آگئی جب تو حکم صَلّوا کا دھیان آیا — یہاں سے بھیجا درود ہم نے وہاں سے تحفے دعا کے آئے
زیارتِ روضۂ مقدّس کا شوق بے چین کر رہا تھا — مدینہ جا کر ہوئی تسلّی کہ حالِ دل کا دکھا کے آئے
چلا مدینہ کو قافلہ جب تو رحمتِ حق کو ساتھ پا کر — ہوا یہ یثرب میں شور ہر سو کہ مہماں مصطفیٰ کے آئے
بشوقِ دل جب مدینہ پہونچے حبیبِ احمد حبیبِ رحمٰن — کہا یہ سب نے کہ دیکھو شیدا وہ سرورِ دوسرا کے آئے
وہ پیارا دربارِ خسروانہ ہے نور کا جس پہ شامیانہ — قدم نہ چومیں ہم آپ کے کیوں کہ ایسے دربار جا کے آئے

ادب سے ہم لوگ سر جھکا کر یہ عرض کرتے ہیں پھر مکرّر
مبارک آنا یہ آپ کا ہے کہ بزمِ شاہی میں جا کے آئے

حیدرآباد دکن ۱۳۴۵ھ

ماہِ کرامت

یہ نظم بھی سفرِ حج سے بخیریت واپسی کی مسرت میں عالیجناب نواب صدر یار جنگ بہادر کی خدمت میں دوسری دعوت کے بعد پڑھ کر بصد ادب پیش کی گئی۔

(منجانب زاہدہ خاتون دختر ہمشیرۂ نفیس دلہن صاحبہ)

دلوں میں نہ کیوں ہو وفورِ مسرّت — خدا نے دکھایا یہ روزِ سعادت
وگرنہ کہاں تھی ہماری یہ قسمت — کہ چومیں قدم آپ کے آج حضرت

مدینہ سے آیا ہے ماہِ کرامت
بزرگ و مکرّم مجسّم عنایت

وہ حج کے شرف سے ہوا بہرہ ور ہے — زیارت سے یثرب کی وہ مفتخر ہے
مطیعِ خدا ہے وہ نیکو سیر ہے — سپہرِ کرم کا درخشاں قمر ہے

مدینہ سے آیا ہے ماہِ کرامت
بزرگ و مکرّم مجسّم عنایت

وہ صدر الصدورِ دکن جس کو کہئے　　وہ خوش خو وہ فخرِ زمن جس کو کہئے
صداقت کا دُرِّ عدن جس کو کہئے　　وہ خوبی میں وردِ چمن جس کو کہئے

مدینہ سے آیا ہے ماہِ کرامت
بزرگ و مکرّم مجسّم عنایت

وہ عالی ہمم ہے وہ نیکو سیر ہے　　وہی قوم کا رہنما راہبر ہے
نہاں نام میں جس کے فتح و ظفر ہے　　وہ اعدائے امت سے سینہ سپر ہے

مدینہ سے آیا ہے ماہِ کرامت
بزرگ و مکرّم مجسّم عنایت

وہ ہے خادمِ دین ملت کا حامی　　ہے سرمایۂ فخر ذاتِ گرامی
ہے مشہور آفاق میں نامِ نامی　　نہ کیوں اہلِ عالم دیں اس کو سلامی

مدینہ سے آیا ہے ماہِ کرامت
بزرگ و مکرّم مجسّم عنایت

رہے سایۂ لطف و شفقت ہمیشہ　　روش ہو خلوص و صداقت ہمیشہ
ہو چھوٹوں پہ مہر و عنایت ہمیشہ　　بزرگوں کے ہو دل میں عظمت ہمیشہ

مدینہ سے آیا ہے ماہِ کرامت
بزرگ و مکرّم مجسّم عنایت

زمینِ مقدس ہے اللہ کا گھر　　نہیں رتبہ یہ آسماں کو میسر
وہ ارضِ معالی حریمِ مطہر　　تصدق ہیں جس پر فلک مہر و اختر

وہیں سے تو آیا ہے ماہِ کرامت
بزرگ و مکرّم مجسّم عنایت

یہ حج و زیارت مبارک مبارک — یہ اختر یہ قسمت مبارک مبارک
یہ اقبال و رفعت مبارک مبارک — مع الخیر رجعت مبارک مبارک

مدینہ سے آیا ہے ماہِ کرامت
بزرگ و مکرّم مجسّم عنایت

امید منزل، حیدرآباد دکن، ۱۳۴۵ھ

ایضاً

نواب ذی وقار ہیں جو صدر یار جنگ — ممدوحِ روزگار ہیں مخدوم پیشوا
رونق ہے اُن کی ذات سے اربابِ علم کی — حق نے کیے ہیں ایسے شرف آپ کو عطا
دنیا کے ساتھ دین میں ہیں آپ محترم — علم و عمل کے ساتھ ملی عقل بھی رسا
دیکھیں حجاز جا کے یہ عرصہ سے قصد تھا — نکلا جہاں سے چشمۂ اسلام باصفا
امسال آپ حج کو گئے اہتمام سے — باصد خلوص و شوق کیا فرضِ حق ادا
مکہ سے پھر مدینہ کی جانب رواں ہوئے — دیکھے مقام اور بھی پرُنور دل کشا
جو جو مزار کھودے ہیں ابنِ سعود نے — دیکھے وہ جا کے آپ نے از غورِ باذکا
ان کی مراجعت سے مجھے بھی خوشی ہوئی — آئے بخیر سوئے وطن شکر و مرحبا
کہتی ہے خلق قبلۂ حاجات آپ کو — مشہور اہلِ فیض مسلّم ہیں رہنما

تاریخ کی ہے فکر مظفر جو بہرِ سال
لکھ کعبۂ جہاں نے کیا فرض حج ادا

۱۳ ھ ۴۴

ایضاً

روانہ جب ہوئے مخدوم میرے ہند سے یثرب — نمایاں ہو گئے انوار سب دل کے نگینہ میں

زیارت روضۂ اقدس کی پائی خوش نصیبی سے — بھرے تھے ولولے مدّت سے ان کے پاک سینہ میں

جو ڈھونڈا اسے مظفر اس سفر کا سالِ تاریخی

کہا ہاتف نے باعزّت ہوئے داخل مدینہ میں

۱۳ ھ ۴۵

ایضاً

مبارک باد کا ہر سو نہ کیوں کر شور ہو برپا — خدا کے فضل سے حاصل جب ایسی خاص دولت ہو

خوشی سے کیوں نہیں ممدوح کو یہ تہنیت لکھوں — مبارک سرورِ عالم کے روضہ کی زیارت ہو

فضائل ہیں بہت حرمین کے مشہورِ دنیا ہیں — پہونچتا ہے وہی تقدیر میں جس کے یہ نعمت ہو

ہوئیں طے منزلیں دشوار سب تائید ایزد سے — خدا کرتا ہے بیڑا پار جس کی پاک نیت ہو

عرب سے آئے واپس خیریت کے ساتھ مدت میں — تو دل میں سب کے پھر پیدا نہ کیوں جوش مسرت ہو

عدیم المثل ہیں وہ خوبیوں میں سارے عالم میں — تو پھر کیوں کر نہ ان کی ملک میں ہر سمت شہرت ہو

نہ ہوں کیوں منتخب مذہب کی وہ صدر الصدوری پہ — کہ جب موجود ان کی ذات میں ہر اک فضیلت ہو

بر آئی آرزو جس طرح ان ذی جاہ حضرت کی — خدایا ایسی ہر مومن کے دل کی پوری حسرت ہو

انھیں سب قبلۂ حاجات کہتے ہیں زمانہ میں — تمنا ہے کہ مجھ پر بھی نگاہِ فیض و برکت ہو

کہا اک بار تھا حرمین چلنا ساتھ تم میرے — رہا میں بھول سے محروم میری ہی نہ قسمت ہو

عرب کرتے نہ کیوں کر آپ کی اعزاز سے خاطر — ازل سے آپ کے حصہ میں جب توقیر و عزت ہو

تبرک بھی وہاں کا لائے ہیں کچھ ساتھ میں اپنے — توجہ سے کبھی دیکھیں مجھے بھی وہ عنایت ہو

مظفر ہے جو تم کو تہنیت کی فکر اب لکھ دو

مبارک ربِّ کعبہ یہ مدینہ کی زیارت ہو

۱۳ ھ ۴۵

ترانہائے جشن میلاد النبی سکندرآباد

سکندرآباد میں ہر سال ماہ ربیع الاول میں جشن میلاد النبی علیہ الصلوٰۃ والسلام منایا جاتا ہے۔ اہل سکندرآباد جس خلوص اور عقیدت کے ساتھ یہ جشن مناتے ہیں اور اس محفل ہمایوں کو بارونق اور شاندار بنانے میں جو محنت اور کوشش کرتے ہیں اس کا اندازہ صرف دیکھنے اور اس میں شریک ہونے والے کر سکتے ہیں ذیل کا ترانہ اسی مبارک جشن کی یادگار ہے جس کو مجلس جشن کے تیس چالیس رضاکار اپنے محترم صدر (نواب صدر یار جنگ بہادر) کو صدر دروازہ سے صدارت کے ڈائس تک حلقہ میں لئے ہوئے عجب موثر انداز سے پڑھتے ہوئے جاتے ہیں اور ختم جلسہ کے بعد اسی طور پر موٹر تک پہونچاتے ہیں۔ پہلے شعر کا پہلا مصرعہ ادنیٰ تغیّر سے آنے اور جانے دونوں حالتوں کے مناسب کر لیا جاتا ہے یعنی آتے وقت "محفل سجا رہے ہیں" اور جاتے وقت "محفل سے جا رہے ہیں" شاعر کی نکتہ رس طبیعت نے پڑھنے میں "سین" کے زبر اور زیر کو پیشِ نظر رکھ کر ایک خاص لطف پیدا کر دیا ہے۔

از جناب سید حسین خاں صاحب معتمد مجلس جشن میلاد النبی سکندرآباد

حبیب قومی یہ صدر ذی شاں ہماری محفل سجا رہے ہیں
ہمیشہ لطف و کرم سے اپنے دلوں پہ سکہ جما رہے ہیں

ہمیں نہ ہو اُن سے کیوں عقیدت ہماری دل میں ہے ان کی الفت
یہی وہ ہستی ہیں جو کہ قوموں کی قسمتوں کو بنا رہے ہیں

ہماری محفل کی زیب زینت، ہمارے معطی، ہمارے محسن
ہو ان کے اقبال میں ترقّی ہمارا دل یہ بڑھا رہے ہیں

محبتِ قوم کام ان کا حمایتِ دیں شعار ان کا
امورِ مذہب کے یہ نگہباں رسومِ بد کو مٹا رہے ہیں

یہ زیب محفل ہیں صدر ذیشاں دلوں کے ارماں نکل رہے ہیں
جلو میں خدام قوم سرخم۔ ادب سے تھم تھم کے چل رہے ہیں

یہ شامیانے یہ شمع برقی چمن یہ دلکش، جھل جھل یہ
ہمارے دل ہیں کہ لحظہ لحظہ خوشی سے ہر دم اچھل رہے ہیں

یہ صف کشیدہ ہیں نونہالاں، وہ جلوہ افروز صدرِ ذی شاں — اکابرِ قوم زیبِ محفل، قلوبِ مومن بہل رہے ہیں
عجیب پُر لطف ہے یہ محفل، وفورِ بہجت سے شاد ہے دل — نسیمِ رحمت کی چل رہی ہے درختِ امید پھل رہے ہیں
ہے عیدِ بعثت کا یہ کرشمہ، بنی ہے ارضِ دکن گلستاں — وہ ابرِ رحمت برس رہا ہے لباسِ گلبن بدل رہے ہیں

رہیں مسرت سے شاہِ عثماں، مدام اُن پر ہو فضلِ یزداں
انہی کے لطف و کرم سے اپنے دلوں کے ارمان نکل رہے ہیں

ترانہ جلوس جشن میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم سنہ ۱۳۴۴ھ

ہے جشنِ میلادِ فخرِ عالم جو آج ہم سب منا رہے ہیں — اکابرِ قوم اپنی شرکت سے شانِ مجلس بڑھا رہے ہیں
ہیں قابلِ فخر صدرِ ذی شاں کہ قوم کے غمگسار ہیں یہ — نہ کیوں ہوں مشکور ان کے ہم سب ہمارا دل یہ بڑھا رہے ہیں
رہیں ہمیشہ یہ شاد و خرم ہو جاہ و منصب بھی ان کا افزوں — ہیں مصدرِ خیر و حامیِ دیں رسومِ بد کو مٹا رہے ہیں
ہمارے ممدوح حبیبِ رحمٰن حبیبِ ملت حبیبِ سلطاں — ہمارا دل اب بڑھا رہے ہیں ہماری ہمت بندھا رہے ہیں
ہے فخرِ عالم کی عیدِ بعثت نہ کیوں ہو کامیاب جلسہ — جگہ جگہ کے ہیں جتنے مسلم شریک ہونے کو آ رہے ہیں
یہ شان و شوکت یہ زیب و زینت یہ کرّ و فر دیکھ کر مسلماں — خوشی سے پھولے نہیں سماتے خوشی کے نعرے لگا رہے ہیں

خدا سے یہ ہے دعا ہماری کہ شاہِ عثماں رہیں سلامت
کہ بہرِ آسایشِ خلایق وہ مال و دولت لٹا رہے ہیں

ترانہ جلوس صدر جلسہ جشن میلاد النبی صلعم سنہ ۱۳۵ھ

حبیبِ قوم بھی یہ صدرِ ذی شاں ہماری محفل سجا رہے ہیں — مدام لطف و کرم سے اپنے دلوں پہ سکہ جما رہے ہیں
تھے جشنِ میلاد کے معاون مقیمِ ارضِ دکن تھے جب تک — یہاں سے رخصت کے بعد بھی وہ ہماری ہمت بندھا رہے ہیں
وہ بزمِ علمی سے ہو کے فارغ جو لوٹے پنجاب سے علی گڑھ — تو دیکھا اربابِ جشنِ بعثت دکن میں اُن کو بلا رہے ہیں

قبولِ دعوت ہوئی ہماری یہ برقیہ نے پیام لایا
وہ لطف و احساں سے آرہے ہیں وہ آرہے ہیں وہ آرہے ہیں

طلب ہماری طلب تھی صادق نویدِ لبیک آہی پہونچی
وہ لا کے تشریف کل یہاں پر رہینِ منت بنا رہے ہیں

یہ زیبِ محفل ہیں صدر والا دلوں کے ارمان نکل رہے ہیں
جلو میں خدامِ قوم سرخم ادب سے تھم تھم کے چل رہے ہیں

یہ شامیانے وہ برقی گولے بھریرے دلکش چہل پہل یہ
ہمارے دل ہیں کہ لحظہ لحظہ خوشی سے ہاتھوں اچھل رہے ہیں

یہ صف کشیدہ ہیں نونہالاں وہ جلوہ افروز صدر ذیشاں
اکابرِ قوم زیبِ محفل قلوبِ مومن بہل رہے ہیں

ہے عیدِ بعثت کا یہ کرشمہ بنی ہے ارضِ دکن گلستاں
نسیمِ رحمت کی چل رہی ہے درختِ امید پھل رہے ہیں

رہیں مسرت سے شاہِ عثماں مدام اُن پر ہو فضلِ سبحاں
اُن ہی کے لطف و کرم سے اپنے دلوں کے ارماں نکل رہے ہیں

ایڈریس

بگرامی خدمت عالیجناب مولانا مولوی حبیب الرحمٰن خاں صاحب شروانی صدر الصدور محکمۂ امور مذہبی

سرکار ابد قرار آصفی

عالیجاہا - یہ کمترین ارکان مجلسِ جشن میلاد شریف (سکندرآباد) کی جانب سے باد تجام عرض پرداز ہے کہ جناب والا نے صدارت جلسہ میلاد کے متعلق ارکان مذکور کی مؤدبانہ التجا کو قبول فرما کر جن مربیانہ اخلاق سے ان کو ممنون فرمایا ہے اس سے اُن کے منت کش دلوں میں یہ جذبات موجزن ہیں کہ وہ نہایت خلوص دلی سے خدمت والا میں شکریہ عرض کریں - امسال جس حسن و خوبی سے یہ مسعود بزم میلاد حبیب داور صورت پذیر ہوئی - جس کثرت سے معزز حکام و خوش باشان بلدہ حیدرآباد و اطراف دلدادگانِ ذکر رسول مقبول صلعم رونق افروزِ محفل ہوئے اور جس فراخ دلی سے حکام عالی مقام

دولتِ آصفی نے متمنیوں کو شرکتِ مجلس مبارک سے سعادت اندوز ہونے کا موقعہ دیا۔ وہ آپ اپنی نظیر ہیں اور صاف بتلا رہے ہیں کہ "الناس علیٰ دین ملوکھم" اور اس سرچشمۂ خیر و برکت ملت پناہ دین پرور کے میلانِ طبع کا پتہ دیتے ہیں جس کی ذات ہمایوں صفات کو، اسلامی دنیا۔ آقائے ولی نعمت ظل اللہ، محی الملت والدین اعلیحضرت خسروِ دکن ہز اگزالٹڈ ہائنس شاہ میر عثمان علی خاں بہادر خلد اللہ ملکہٗ و سلطنتہٗ کے فرحت بخش نامِ نامی سے یاد کرتی ہے، اللہ رب العزت اس شہریارِ ناصر دین کو دیر گاہ سلامت با کرامت رکھے جس کی ذرہ نوازیوں کی بدولت مجلس مذکور کو جناب والا کی صدارت کا فخر حاصل ہوا۔

خاکسار

رشید حسین خاں، معتمد مجلس میلاد النبی سکندرآباد

ودَاعیّہ

از جناب محمد مظفر حسین خاں صاحب سلیمانی شاہ آبادی

منجانب سید ظہور الحق صاحب مہتمم دائرۃ المعارف

نوابِ ذی وقار ہیں جو صدر یار جنگ — جن کے صفات و خُلق سے واقف ہیں کُل جہاں

بارہ برس سے آپ ہی صدر الصدور تھے — شاداب ان سے خوب تھا مذہب کا بوستاں

گلزار و پُر بہار تھا اسلام کا چمن — افسوس آئی آپ کے جانے سے اب خزاں

توسیع میں جو ڈالی گئیں کچھ رُکاوٹیں — یہ امر دل پہ ہو گیا بس آپ کے گراں

استعفا جس پہ آپ نے لکھ کر کے دے دیا — سُن کر کے اس خبر کو ہوئی خلق خستہ جاں

بجید کیا تھا کام دیانت سے آپ نے
روشن چراغ ہٹ گیا تاریک ہی مکاں

احباب فرطِ ہجر سے مغموم ہو گئے
تیغِ الم سے قلب ہیں مجروح و ناتواں

محتاج نوکری کے نہیں میرے محترم
دولت خدا نے دی ہی امارت بعزّ و شاں

دیہات سینکڑوں ہیں علاقہ میں آپ کے
پلتے ہیں ماہوار ہزاروں پہ مہرباں

خود بیسیوں ہیں گھر پہ ملازم جناب کے
سینہ میں ان کے جوش ہی مذہب کا اک نہاں

حسب الطلب یہ آئے تھے مشہور بات ہو
چمکائے خوب آپ نے اسلام کے نشاں

افسوس ہے دکن سے وطن آپ جائینگے
آئیں گے مخلصوں کو بہت یاد بیگماں

رخصت کی پارٹی یہ بہت خوب دی گئی
جس سے اثر خلوص کا ظاہر ہے بیکراں

سیّد ظہورِ حق ہیں جو خوش خُلق دیندار
جلوہ یہ اہتمام کا ان کے ہے کُل یہاں

یہ نظم اس دُعا پہ مظفر تو ختم کر
ممدوح جس جگہہ ہوں رہیں دل سے شادماں

اسبابِ غیب سے ہوں مہیّا وہ قدرتاً
پھر بھی بلائیں آپ کو سرکارِ قدرداں

از جناب مولوی اشرف حسین صاحب دائرۃ المعارف حیدرآباد دکن

چہ خورسندی دلا گر میزبانت میہماں آمد
بانجامش نگر کاین سود آغازِ زیاں آمد

شدہ بے نور شمعِ بزمِ دیں بے صد حیف اشرف
ضیائی بدر کے در تابشِ سیارگاں آمد

دیگر

خدایا از کجا بادِ مخالف این وزاں آمد
بہ گلزارِ ادب پژمردہ گی چوں ناگہاں آمد

بنال اے بلبلِ نغمہ سرائی گلشنِ ملّت
دریغا وائے در تخریبِ فصلِ گُل خزاں آمد

از جناب مولوی محمد عادل صاحب قدوسی مصحح دائرۃ المعارف حیدرآباد

آہِ حسرت در گلستاں می زنم | نالہ بر موجِ طوفاں می زنم
با صلائے علم و حکمت در جہاں | سکۂ بغداد و یوناں می زنم
خیز دردِ دل بمیدانِ حیات | ایں صفیر از عندلیباں می زنم
محفلِ علم و عمل را زندہ دار | ایں ندا پیہم ز سحباں می زنم
کس چہ داند دردِ محشر خیزِ من | آتشِ دل در نیستاں می زنم
در مصائب ہم بشوقِ امتحاں | دست بر شمشیرِ عریاں می زنم
از معارف گوہرِ حکمت فشاں | رفتہ و بر دست دنداں می زنم
سوزِ فرقت می دہد صدر الصدور | نیشِ ہجرش بر رگِ جاں می زنم
نجمِ اوصافش باوجِ آسماں | بر قمر از بدرِ تاباں می زنم
شمعِ بزمِ علم و فن افسردہ شد | بر چراغِ کشتہ ارماں می زنم
قسمتِ اوجِ ادب برگشتہ شد | خندہ بر دورِ امکاں می زنم
درد می خیزد باستقبالِ غم | بر جگر صد داغِ پنہاں می زنم
دستِ عجزم ریختہ خونِ مراد | پائے حسرت در بیاباں می زنم
گرچہ مجروحم ولے با صبرِ دل | می خورم خنجر و خنداں می زنم
گرچہ نالانم ز دورِ انقلاب | تکیہ بر تقدیرِ یزداں می زنم

دعاء

بہرِ اوجش دست در دامانِ حق | با نیاز و نور و ایماں می زنم
فیضِ او پایندہ اکرامش مزید | نغمہ ایں با صدق و احساں می زنم
عادل از ذوقِ محبت با حبیب | جامِ آتش ریز شاداں می زنم

گلشنِ آفاق میں وہ مثلِ گُل خنداں ہے ۔۔۔ سایہ گستر فرقِ حسرت پہ ہے فضلِ خدا
ہوں سدا سرسبز و شاداں نونہالانِ حبیب ۔۔۔ باغباں زندہ رہے اور ہو چمن پھولا پھلا
آپ کے دم سے قدم سے ہو زمانہ فیض یاب ۔۔۔ دُرّ و مرجاں زیبِ دُردانہ رہیں صبح و مسا

ہدیۂ عید الفطر ۱۳۴۱ھ

اے تاجِ سرم فخرِ جہاں عید مبارک ۔۔۔ رشکِ قمر و سروِ رواں عید مبارک
لائی ہے نسیمِ سحری آج یہ مژدہ ۔۔۔ کافور چمن سے ہے خزاں عید مبارک
ملبوس نیا بدلا ہے اشجارِ چمن نے ۔۔۔ ہے بادِ صبا عطر فشاں عید مبارک
ہے بلبلِ بستانِ طرب نغمہ سرا آج ۔۔۔ ہر غنچہ ہوا خندہ زناں عید مبارک
دریائے مسرت ہے عجب شان سے مواج ۔۔۔ عالم میں ہے راحت کا سماں عید مبارک
اے نجمِ ہدیٰ فخرِ زمن مایۂ خوبی ۔۔۔ روشن ترے پرتو سے جہاں عید مبارک
تو خلق میں یکتا ہے تو سیرت میں ہے عالی ۔۔۔ خوبی تری مشہورِ جہاں عید مبارک
عظمت کا ترے سکّہ ہے مخلوق کے دل پر ۔۔۔ کہتے ہیں تجھے شاہِ دلاں عید مبارک
اک میں ہی فقط صرفِ محبت نہیں حسرتؔ ۔۔۔ سب کہتے ہیں محبوبِ زماں عید مبارک
سرسبز رہے گلشنِ حسرت یہ دعا ہے ۔۔۔ ہو رحمتِ حق سایہ کناں عید مبارک
اولاد جواں بخت ہمیشہ رہے شاداں ۔۔۔ ہر وقت ہو عشرت کا سماں عید مبارک
لاتی رہے ہر عید نویدِ طربِ دل ۔۔۔ ہو فرطِ فرح مایۂ جاں عید مبارک
یارب رہے اخلاصِ دلی اوج پہ دائم ۔۔۔ اونچا رہے الفت کا نشاں عید مبارک

دُردانہ کے دل اور زباں پر یہ دعا ہے
ہر سال ہو اے جانِ جہاں عید مبارک

ہدیۂ عید البقر سنہ ۱۳۴۲ھ

فلک رفعت قمر طلعت مرے حضرت مبارک ہو
یہ عیدِ حاجیاں اے رہبرِ ملت مبارک ہو

سپہرِ عزت و رفعت کے اے مہرِ درخشندہ
بفضلِ ربِّ داور سطوت و حشمت مبارک ہو

بڑھے شوکت فزوں ہو مرتبہ اقبال یاور ہو
دلوں پر چلتا سب کے سکۂ عظمت مبارک ہو

ثناخوانِ محاسن ہے جہاں مداحِ احساں ہے
یہ شانِ دل نوازی انکو خصلت مبارک ہو

مبارک آپ کو افضالِ خلاقِ دو عالم کے
ہمیشہ آپ کو اللہ کی رحمت مبارک ہو

نہالِ آرزو پھولے پھلے سرسبز ہو یارب
نسیمِ گلستانِ عیش کی نکہت مبارک ہو

ہمیشہ جوش پر بحرِ محبت کی رہیں لہریں
خوشی و شادمانی بہجت و فرحت مبارک ہو

ہے میموں کس قدر عزمِ طوافِ خانۂ کعبہ
بفضل اللہ بیت اللہ کی قربت مبارک ہو

مبارک عمر ہے جو صرف ہو خالق کی طاعت میں
یہ زہد و اتقا یہ شانِ عبدیت مبارک ہو

مبارک گنجِ عرفاں سینۂ پرنور کا ہونا
فلاحِ آخرت ہو دین کی دولت مبارک ہو

شہِ آصف کا ہو تم کو مبارک لطفِ شاہانہ
یہ قدر و منزلت یہ شان یہ شوکت مبارک ہو

مبارک ہو دکن کو آپ سا رہبرِ کامل
ہمیشہ آپ کو اسلام کی خدمت مبارک ہو

منور کر دیا اپنی ضیا پاشی سے اک عالم
افق سے اٹھ چکا ہے پردۂ ظلمت مبارک ہو

مبارک تم کو دیدارِ عزیزانِ جگر پارہ
فراوانی۔ ترقی دولت و حشمت مبارک ہو

رگِ جاں سے ہو بڑھ کر رشتۂ انس و وفا محکم
ہمیشہ آپ کی دُردانہ کو الفت مبارک ہو

دعانامہ

سنہ ۱۳۳۳ھ میں جب میں دکن سے آئی تو نور دیدہ عبید الرحمٰن سلمہ اللہ تعالیٰ کو پہلی بار دیکھا اس خوشی کے اظہار میں یہ تحریر دکن جا کر بھیجی چوں کہ اس کا تعلق دکن کے حالات سے ہی ہے لہٰذا اس کا یہاں درج کرنا مناسب معلوم ہوا :-

راحتِ روح فرحتِ قلبی — اور جگر پارہ قرۃِ عینی
شاد رکھے تمھیں خدائے غنی — اور دل کی رہے شگفتہ کلی
عمر و اقبال میں ترقی ہو — دولت و مال میں ترقی ہو
دیکھنے سے تمھیں سرور بڑھا — اور آنکھوں کا میرے نور بڑھا
آنکھیں روشن ہوئیں اے لختِ جگر — دیکھنے سے ترا رخِ انور
تھی شکایت مجھے یہ قسمت سے — رکھا محروم دید مدت سے
اس خوشی سے میں کتنی دور رہی — رنجِ دوری سے آہ چور رہی
اب نہیں رنج اور ملال اچھا — کام اچھا ہے گر مآل اچھا
فضلِ رب سے گیا زمانہ گزر — یاد بھی اب نہیں اے نورِ نظر
اب خدا سے مری دعا ہے یہی — آرزو اور التجا ہے یہی
ہے وہ مدت فسانۂ ماضی — دور ہو وہ زمانۂ ماضی
نقش دل پہ تمھاری نیکی کا — اور سعادت کا نیک نفسی کا
ثبت ہے اے عزیز نورِ نظر — خوش رکھے تم کو خالقِ اکبر
دے ترقی خدا سعادت میں — اور برکت تمھاری ہمت میں
خوش رکھے بھائی اور بہنوں کو — ننھے منّے سے نورِ چشموں کو[1]

---

[1] یعنی تمھاری اولاد کو

جب سے والد تمھارے آئے دکن — ہو گئے مصروف تم وہاں ہمہ تن

کام سارا کیا ریاست کا — ہے نتیجہ تمھاری ہمت کا

کام لیتے جو تم وہاں نہ سنبھال — ہو نہ سکتا درست یاں کا حال

ٹھیک ہوتی نہ مذہبی حالت — مٹ نہ سکتی یہاں کبھی بدعت

بخشا تم نے فراغ و اطمینان — کام کرنے کا تب ہوا امکان

صرفِ خدمت جنابِ شروانی — ہو گئے یاں بفضلِ یزدانی

عہد میں ان کے اب یہ حالت ہے — کہ اب احکامِ دیں کی وقعت ہے

ہو گئی قایم عظمتِ مذہب — ہو گئی تازہ شوکتِ مذہب

کہنے سے ہے مری زباں عاری — لکھنے سے قوتِ بیاں عاری

دیکھنے ہی سے ہوگا اندازہ — ان کی اصلاح اور درستی کا

خدمتِ دین دفعِ بدعت کا — اجر حضرت کو جب عطا ہوگا

قول میرا ہے اور ہے سچا — اس میں ہوگا تمھارا بھی حصہ

فرض تم نے بڑا کیا پورا — تم سلامت رہو بفضلِ خدا

ہو مساعد نصیب عمر بڑھے — اور مقاصد دلی ہوں سب پورے

نیکیاں ہوں فزوں عزیزِ من — رہے تازہ ہمیشہ یہ گلشن

حاسدِ بدنصیب جلتے رہیں — کفِ حسرت ہمیشہ ملتے رہیں

کہو نورِ نظر دلہن کو دعا — خوش رہیں دہر میں بفضلِ خدا

حق مددگار اور نگہباں ہو
رات دن تم پہ فضلِ یزداں ہو

متفرقات

سپاسنامہ

بخدمت منبع فضل و کرم مکرم محترم جناب مولانا مولوی حبیب الرحمن خاں صاحب شیروانی
صدر الصدور امور مذہبی ریاست حیدرآباد دکن

حامداً و مصلیاً و مسلماً

الحمد للہ نحمدہٗ و نستعینہ و نستغفرہٗ و نؤمن بہ و نتوکل علیہ۔ وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین ؛

ہمارے مدرسہ مظاہر العلوم کی تاریخ میں آج کا دن ایک تاریخی یادگار کا دن ہے کہ جناب والا کی تشریف آوری سے اہالیانِ مدرسہ کی ایک دلی آرزو جس کو ہم ایک عرصہ سے دل میں لئے ہوئے تھے پوری ہوتی ہے۔ جناب والا کا علمیات و عملیات دینیہ میں شغف، تصنیف و تالیف کے مشاغل اور اسلامی درسگاہوں سے آپ کا دلی تعلق سن کر ہماری پرانی تمنا تھی کہ مدرسہ مظاہر العلوم اور اس کے خدام کو آپ کی مہربانی کی مسرت حاصل ہو۔

اس تمنا کے پورا ہونے کے لئے وقتاً فوقتاً ہم کوشش کرتے رہے ہیں لیکن آپ کی کثرتِ مشاغل کی وجہ سے ہم کو یہ مسرت اس سے پہلے حاصل نہ ہو سکی اور کُلُّ امرٍ مرھون باوقاتھا کے عالمگیر کلیہ کا تقاضا تھا کہ آج ہماری پرانی آرزو پوری ہوئی۔ مدرسہ مظاہر العلوم اور اس کے خدام دلی احسان مندی اور مخلصانہ شکرگزاری کے ساتھ آپ کا خیر مقدم عرض کرتے ہیں۔ اور خداوند کریم کی درگاہ میں مستدعی ہیں کہ اس احسان کا اجر جزیل خداوند کریم آپ کو عطا فرمائے۔

اس عربی مدرسہ سہارن پور کا نام **مظاہر العلوم** ہے جس کی بنیاد ۱۲۸۳ھ میں قائم ہوئی
مدرسہ ہذا کا وجود اصلی سرجوش حضرت مولانا **سعادت علی** صاحب فقیہ اور حضرت مولانا حافظ **احمد علی** صاحب
محدث کی خدمات اور مساعی جمیلہ کا نتیجہ ہے اور یہی دونوں حضرات اس مدرسہ کے بانی ہیں۔ مدرسہ
کی تعلیم اور عملی اجرار کا ظہور ابتدائً حضرت مولانا محمد مظہر صاحب نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ سے ہوا
اور ان حضرات کے صدق نیت اور اخلاص کی برکت سے مدرسہ وزافزوں ترقی کرتا رہا۔ مدرسہ
کی ترقیات اور تفصیلی حالات عرض کرنے کے لئے زیادہ وقت چاہیے اور اس کی تکلیف جناب والا
کو دینا گوارا نہیں پچھلی سالانہ کیفیات جناب والا کی خدمت میں پیش کی جاتی ہیں جن سے حضرت
کو اصلی ترقی کی جزئیات معلوم ہوں گی۔

خدماتِ مدرسہ کا شباب اور اس کی حالت میں نمایاں انقلاب اُس وقت سے شروع ہوا
ہے جب سے قطب العالم حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی نور اللہ مرقدہٗ نے مدرسہ کی سرپرستی
فرمانی شروع کی۔ اور آپ نے خلیفہ اول صدر المدرسین سید المتکلمین حضرت مولانا مولوی خلیل احمد صاحب
مدظلہ کو مسندِ تدریس پر متمکن فرمایا۔ اور اُنھوں نے اپنے علم و عمل کے افادہ اور افاضہ سے طلبہ اور
اہل شہر کو فیض پہونچایا۔ اُن سے قبل مدرسہ کا آغاز محلہ قاضی میں ایک چھوٹے سے مکان میں
ہوا تھا اور اس کے بعد محلہ مفتیان میں موجودہ عمارت مدرسہ کی منزل زیرین میں مدرسہ منتقل
ہوا ہے۔ موجودہ عمارت منزل بالائی مدرسہ اور دارالاقامہ طلبہ و مسجد دارالاقامہ اور
مطبع جن کا تفصیلی ذکر تعمیرات کی مد میں آئے گا حضرت ممدوح صدر المدرسین کی مساعی جمیلہ کے
برگ و بار ہیں۔ حضرت ممدوح ہی کی تحریک سے جناب مولانا سر رحیم بخش خاں صاحب کے سی
آئی ای پریسیڈنٹ کونسل ریاست بھاول پور نے اپنی جیب خاص سے منزل بالائی مذکورہ
صدر کی تعمیر کرائی۔ چنانچہ حضرت ممدوح کے اسمِ سامی کا پتھر پیشانیِ تعمیر پر منصوب ہے اور تعمیر
مذکور کا سامانِ فرش فروش بھی انھیں کا عطیہ ہے۔

مدرسہ کی ضروریاتِ ذاتی میں سے بڑی ضرورت ایک کتب خانہ کی تھی چنانچہ یہ کتب خانہ

اُسی عمارت بالائی میں قائم ہے جس میں دس ہزار سے زیادہ جلد کتب موجود ہیں۔ یہ کتابیں زیادہ تر درسی کتابیں ہیں جو طلبہ کے کام میں آتی ہیں لیکن کتب خانہ میں اونچے طبقہ کی کتابیں مختلف علوم وفنون کی جن کی ضرورت فارغ العلم طلبا کو زیادہ ہوتی ہے وہ ابھی تک اس قدر کم ہیں کہ مدرسہ کا یہ شعبہ اہلِ علم کی خاص توجہ کا محتاج ہے اور ایسی کتابوں کے بغیر تکمیلِ تحصیلِ درسیہ سے خاطر خواہ استفادہ کا موقع نہیں ملتا۔

مدرسہ کے اجرا سے معقولات، منقولات، قرآن، حدیث، فقہ، ادب کی اشاعت مقصود تھی۔ خادمانِ مدرسہ کی اصل کوشش علاوہ تعلیم درسیات کے اس امر میں رہتی ہے کہ علوم کی پختہ رنگت عمل و اخلاق طلاب میں قائم ہو جائے اور تربیت دینی کا خیال ان کی طبائع میں بطور طبیعت ثانیہ راسخ اور مستحکم ہو جائے ومن احسن من اللہ صبغہ۔ چنانچہ ابتدائے قرآن خوانی کے ساتھ ساتھ تجوید کی ترویج پر زیادہ کوشش کی جارہی ہے اور اس ضلع اور نواح میں اس نے قبولیتِ عامہ حاصل کی ہے۔ درسِ نظامیہ کی نسبت آپ کو سمع خراشی کی تکلیف دینے سے اجتناب کیا جاتا ہے۔ کیوں کہ حضرت خود مختلف جماعتوں کی تعلیم کو اپنی موجودگی میں ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔ ایک امر جو اس باب میں آپ کے گوش گزار کرنے کے قابل ہے وہ یہ ہے کہ اعلیٰ جماعت کے طلبا کو غیر مذاہب کے لوگوں کے ساتھ مناظرہ کی مشق کرائی جاتی ہے جس سے اُن میں تحریر و تقریر کا مادّہ قوت پکڑتا جاتا ہے اور وہ تبلیغ اور اشاعت مذہب کے کام کو بطریق احسن انجام دینے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ اس تعلیم مذہبی کے سلسلہ میں استفتار کا کام مدرسہ کی خدمات میں از خود پیدا ہو کر بہت ترقی پکڑ گیا۔ ابتداءً سالہا سال تک علاوہ اپنے فرائض منصبی کے مدرسین افتار کا کام کرتے رہے لیکن جب لوگوں کے اعتماد کی وجہ سے افتا کا کام بہت بڑھ گیا تو اس کام کے لئے ایک مستقل مفتی کی ضرورت ہوئی اور اُن کا جداگانہ دفتر قائم ہوا۔ جس میں اب نقول رکھنے اور اہتمام کے لئے عملہ کی ضرورت رونما ہے اور مفتی صاحب تنہا سارے کام کو انجام نہیں دے سکتے۔

جیسا کہ اوپر عرض کیا گیا ہے ابتدا میں یہ مدرسہ چھوٹی سی عمارت میں قائم ہوا تھا اور طلبۂ شہر

کے مختلف مکانوں، حجروں، مساجد میں متفرق طور پر رہتے تھے۔ طلبہ کی تکالیف کا خیال کرکے دارالاقامہ کی تعمیر بصرف (۵۰۹۵۵) روپیہ کی گئی۔ جس میں نیچے کے حجرے طلباء کی سکونت کے کام آتے ہیں اور منزلِ بالائی میں صدر دروازہ پر دارالحدیث ہے باقی اطراف میں علوم معقولیہ ومنقولیہ کی درس گاہیں ہیں۔ طلبہ کی نگرانی کے لئے بعض مدرسین رات دن اسی دارالاقامہ میں رہتے ہیں۔ دارالاقامہ کے لئے ایک مستقل مسجد کی ضرورت تھی جو بفضلہ تعالیٰ ایک خاتون محترمہ کی رقم سے تعمیر ہوگئی ہے۔ مگر مسجد مذکور میں ایک حوض کی ضرورت باقی چلی جاتی ہے! اور اس کی اشد ضرورت ہے۔

طلبہ کے خورد و نوش کے انتظام کے لئے ایک مطبخ کی سخت ضرورت تھی جس کی منزل اوّل نو ہزار روپیہ کی لاگت سے تیار ہو چکی ہے۔ مگر تعمیر کی لاگت میں سے تین ہزار روپیہ اب تک مدرسہ کے ذمہ قرض واجب الادا ہے۔ منزل بالائی جس کی تعمیر کا خیال ہے۔ اس کی لاگت کا تخمینہ بدرجۂ اول چھ ہزار روپیہ کیا گیا ہے۔ اس رقم کا سرانجام ہونے کے بعد مطبخ کی تعمیر مکمل ہوگی۔

مدرسہ کے روح رواں وہ طلبہ ہیں جو متوسط اور اعلیٰ تعلیم دینیات کے لئے یہاں آتے ہیں یہ طلبہ بیشتر بیرونی مقامات اور مختلف صوبوں بلکہ ممالک سے آتے ہیں۔ ان لوگوں کے ضروری اخراجاتِ خورد و نوش اور لباسِ سرما و گرما کی کفالت کا بوجھ بھی بالعموم مدرسہ کے ذمہ ہوتا ہے۔ مدرسہ کی آمدنی جس پر اب تک مدرسہ کا دار و مدار رہا ہے اس کے تین جزو ہیں! اوّل وہ ہیں جو معاونین مدرسہ نے ماہانہ یا سالانہ مدرسہ کا مقرر کر رکھا ہے۔ دوسری مد آمدنی کی سالانہ جلسۂ مدرسہ ہے جس کے انعقاد کے وقت اہل خیر مدرسہ کی اعانت کے لئے چندہ دے جاتے ہیں۔ تیسری مد صدقہ، خیرات، زکوٰۃ کی ہے۔ جس کو متفرق اوقات میں دیتے رہتے ہیں اس سے صاف ظاہر ہے کہ اس وقت تک مدرسہ کی مستقل آمدنی کی کوئی صورت بجز قلیل چندہ موعودہ کے نہیں جس میں قابل قدر و ممتاز عطیہ ریاست عالیہ بھوپال کا ہے جس کی مقدار دو سو روپیہ ماہوار ہے اور کل موعودہ چندہ کی مقدار (۲۴۴۶) ہے سالانہ جلسہ یا صدقہ زکوٰۃ کی آمدنی ایسی غیر مستقل ہے

کہ جس پر کوئی اعتماد نہیں کیا جاسکتا - اس وقت مدرسہ کے اخراجات کی تعداد جس کا مفصل حال، کیفیت سالانہ سے معلوم ہوگا - مبلغ (۷۸۶۶) سالانہ ہے اس سے ظاہر ہے کہ اخراجات میں مبلغ ۴۲۲۴۱ اروپیہ کی کمی ہے - یہ تعداد اخراجات اس رقم پر اس وجہ سے محدود ہے کہ ہمارے مدرسین بالعموم مدرسہ کے کام کو مذہبی کام سمجھ کر قلیل تنخواہ پر کام کر رہے ہیں - ورنہ اخراجات کی تعداد اور زیادہ ہوتی - ہر چیز کے نرخ کی گرانی سے جس طرح اخراجات میں لابدی زیادتی ہے اسی طرح آمدنی میں کمی ہونا اس کا لازمی نتیجہ ہے -

مالی حالت مدرسہ کی جناب والا کی خدمت میں تفصیل کے ساتھ اس وجہ سے پیش کی گئی ہے کہ پچھلے دنوں مدرسہ کی درخواست پر ریاست عالیہ حضور پرنور ہز اگزالٹڈ ہائنس سرکار نظام خلد اللہ ملکہ و اقبالہ کے صیغۂ معتمدی اور امور مذہبی سے مدرسہ کی آمدنی و خرچ کی کیفیت طلب ہوئی تھی - اور مدرسہ کی جانب سے اس حکم کی تعمیل میں ایک اجمالی کیفیت حضور والا کی بارگاہ میں روانہ کردی گئی تھی - اب چوں کہ حضور والا نے قدم رنجہ فرماکر مدرسہ کی حالت پر توجہ فرمائی ہے اور سرکار عالی جاہ نظامِ دکن کی ریاست میں شعبۂ دینیات کے اہتمام و انصرام کی نگرانی آپ کی ذات بابرکات سے متعلق ہے اس لئے ہم کو قوی اُمید ہے کہ ہماری یہ عرض داشت سننے کے بعد آپ خود مدرسہ کی حالت کو توجہ اور غور سے ملاحظہ فرمائیں گے - اور اسی طرح امید ہے کہ ہماری اُس عرض داشت مسبوق الذکر کے انفصال میں معتدبہ امداد کرکے مدرسہ کی دست گیری فرمائیں گے -

آخر میں مکرراً آپ کی عنایت مخلصانہ اور تکلیف تشریف آوری و الطاف کریمانہ کے تشکر و امتنان کا اظہار و اقرار عذرِ تقصیرِ خدمت کرکے متوقع ہیں کہ آپ غریب و درویش اہل مدرسہ، خدام، طلبہ کی فروگذاشتوں اور کوتاہیِ خدمات سے چشم پوشی فرماکر اس مدرسہ مظاہر العلوم کو اپنے دل میں جگہہ عطا فرمادیں گے اور اس کے سود و بہبود سے استغنا کو گوارا نہ فرمائیں گے اللہ تعالیٰ جل جلالہ آپ کے علم، عمل، فضل، اقبال میں روزافزوں ترقی عطا فرمائے اور

دنیائے اسلام کو آپ کے فیض سے اور آپ کو سعادت دارین سے مستفید و بہرہ ور رکھے۔

نقشہ جملہ طلباء و مدرسہ و آمد و خرچ اختصاراً للغرض ملاحظہ درج ذیل ہے:

تعداد کل طلبہ سنہ ۳۸ھ	کل آمدنی سنہ ۳۸ھ	کل خرچ سنہ ۱۳۳۸ھ
۴۱۲	۱۹۴۴۳	۲۵۶۱۱

من جانب

عنایت الٰہی مہتمم مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور

دوم محرم الحرام سنہ ۱۳۴۰ھ

تہنیت نامہ

بتقریب تشریف آوری سرپرست تعلیم خیر خواہِ قوم عالی جناب فضیلت مآب مولانا محمد حبیب الرحمٰن خاں صاحب شروانی رئیس بھیکم پور صدر الصدور امورِ مذہبی مملکت آصفیہ جائنٹ سکریٹری آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس دام حشمتہٗ

منجانب اراکین و سکریٹریان انجمن ہدایت اسلام شہر مالیگاؤں ضلع ناسک

آقائے نامدار! ہم اخلاص کیش و عقیدت مند ممبران و سکریٹریان انجمن ہدایت اسلام (مالیگاؤں) حضور والا کی رونق افروزی پر بہزار خلوصِ قلب مسرت کا اظہار کرتے ہیں۔ اس انجمن

کو اکثر ذی مرتبت حکام اور اعیانِ قوم کے خیر مقدم کی عزت حاصل ہوئی ہے لیکن آج ہم اپنی خوش بختی پر نازاں ہیں کہ ہم اُس ذاتِ گرامی کا خیر مقدم کرتے ہیں جو مسلمانانِ ہند کے لئے سرمایۂ فخر و ناز ہے
حضورِ والا - آپ کو رب العزت نے محض دولت دے کر عزت نہیں بخشی ہے بلکہ اخلاقِ حسنہ کے جوہر بھی عطا فرمائے ہیں جس کا اثر دینی، دنیاوی اخلاقی اور تمدنی امور کے لئے فائدہ بخش ہے -
آپ ملک اور قوم کے سچے ہمدرد اور بہی خواہ ہیں - آپ کی لیاقت، قابلیت اور اعلیٰ دماغی اوصاف کی وجہ سے سرکارِ آصفیہ حیدرآباد دکن نے آپ کو وزارتِ امورِ مذہبی کی جلیل القدر خدمت سپرد کی ہے آپ جس خاندان والاشان سے تعلق رکھتے ہیں وہ شمالی ہند کے اُن رؤسا کا خاندان ہے جن کی فیاضی، سیر چشمی دینی قومی اور ملکی فلاح و بہبودی کے کاموں میں ہمیشہ مشہور و معروف ہے ریاست بھیکم پور کا نام صرف ہندوستان ہی میں نہیں بلکہ دیارِ عرب میں بھی مشہور ہے -

حضورِ والا ! آپ کے ورودِ مبارک قدوم میمنت لزوم سے جو غیر معمولی مسرت و شادمانی ہمارے قلوب میں موجزن ہے - اس کے اظہار سے ہماری زبان قطعاً عاجز و قاصر ہے - آں انجمن کو عرصے سے آپ کی ہمدردی کا شرف حاصل ہے جس کی دلیل یہ ہے کہ حضور نے سفرِ دور دراز کی زحمت گوارا کر کے مسلمانانِ مالیگاؤں کو عموماً اور ارکینِ انجمن کو خصوصاً شرفِ نیاز دیدار فیض آثار کا موقعہ بخشا - اس عنایت و عزت بخشی کی یادگار میں یہ مبارک روز ہمیشہ تاریخ انجمن میں یادگار رہے گا۔

عالیجاہا ! انجمنِ مذکور یکم جمادی الآخر ۱۳۲۵ھ میں شہر کے امیر و غریب دلدادگانِ تعلیم نے مل کر قائم کی - انجمن نے اسی سال میں بہ لحاظِ ضرورتِ زمانہ ایک نائٹ اسکول اعلیٰ پیمانہ پر جاری کیا یہاں اسلامی آبادی غریب لوگوں کی ہے - جن کو علم کا شوق دامن گیر ہے لیکن وہ اپنی ضرورت کو پورا نہیں کر سکتے تھے - اس لئے مذکورہ نائٹ اسکول اُن کی تعلیم کیلئے نہایت مفید ثابت ہوا طلباء کی اُردو، گجراتی مرہٹی تعلیم کے علاوہ مذہبی تعلیم کا بھی معقول انتظام ہے تعلیم القرآن حافظہ و ناظرہ کا کورس رو بہ ترقی ہے جس میں گزشتہ سال دو حفاظ کی دستار بندی ہوئی -

عالیجاہا ! ۱۹۱۶ء میں باشتیاق عوام الناس و عند الضرورت زمانہ ایک اسکول بنام اینگلو اُردو

اسکول جاری کیا گیا ہے جس میں فی الحال تین جماعت تک تعلیم کا بندوبست ہے۔ یہ عرض کرنا بیجا نہ ہوگا کہ اس شہر میں پندرہ ہزار اسلامی آبادی میں کوئی متنفس بھی ایسا نہ تھا جو معمولی تار پڑھ سکتا۔ اس اشد ضرورت کو ملحوظ رکھ کر اس اسکول کا اجرا کیا گیا۔ اگرچہ منجانب میونسپلٹی بزبان مرہٹی انگریزی اسکول قائم تھے۔ لیکن مسلم آبادی کے لحاظ سے ایک حد تک بے سود۔ بدیں وجہ ہمدردانِ قوم نے اپنے مسلم بچوں کے لئے ایک علیٰحدہ اسکول جاری کرنا مناسب سمجھا۔

عالیجاہا۔ تاریخ ۵ ربیع الاول سنہ ۱۳۳۲ھ کو فلائی شٹل لوم یعنی پارچہ بافی کا کارخانہ غریب مزدوروں کو بلا فیس کام سکھلانے کے لئے جاری کیا گیا۔ اس کی افتتاح جناب مہربان جے گیرٹ صاحب بہادر اسسٹنٹ کلکٹر ناسک کے دست مبارک سے ہوئی چوں کہ صاحب بہادر موصوف صنعتی کاموں میں بہت دلچسپی رکھتے ہیں۔ لہٰذا اس کا نام گیرٹ ہینڈ لوم ویونگ اسکول رکھا گیا۔ اُس کریم کارساز کے فضل و کرم سے اس کام میں انتہا درجہ کی کامیابی نصیب ہوئی اور شہر کے ایک ایک گھر سے اس زبردست کامیابی کی آواز آرہی ہے اور عوام الناس فائدہ اُٹھا رہے ہیں۔

عالیجاہا! انجمن نے اینگلو اُردو اسکول قائم کرکے اُردو زبان کی ایسی سچی حقیقی خدمت کی ہے۔ جس کے فروغ اور اشاعت کے لئے علاقۂ بمبئی میں سخت ضرورت تھی۔

عالیجاہا! انجمن کی اسلامی، تعلیمی، قومی اور ملکی خدمات پر نظرِ غائر فرماکر گورنمنٹ عالیہ نے نائٹ اور ڈے اسکول کے لئے علیٰحدہ علیٰحدہ وظائف مقرر کئے ہیں۔ اتنا ہی نہیں بلکہ ایک قطعہ زمین بھی (جو ایک دل کش مقام پر واقع ہے) عنایت فرمائی ہے۔ مقامی میونسپلٹی کی جانب سے گرانٹ ملتی ہے۔ اب چوں کہ آپ کی تشریف آوری سے انجمن کی تاریخ میں ایک نیا دور شروع ہوگا۔ اس لئے انجمن اپنے اہم ارادہ کو حضورِ والا کے گوش گزار کرنا چاہتی ہے کہ انجمن اپنے اینگلو اُردو اسکول کو اینگلو اُردو فرسٹ ہائی اسکول کے درجہ تک پہونچانا چاہتی ہے لیکن قلت آمدنی ہر طرح سے مجبور کر رہی ہے۔ اس لئے انجمن بزبانِ حال حضور کی فیاضی اور قومی ہمدردی مدنظر رکھتے ہوئے یہ عرض کرتی ہے کہ گورنمنٹِ عالیہ کی عنایت کردہ زمین پر آپ کی توجہ کریمانہ اور کوشش بلیغ

سے سرکار جہاں پناہ فلک بارگاہ عالی متعالی سکندر حشمت دارا شوکت سپہ سالار مظفر الملک حضور پُرنور اعلیٰحضرت ہزاگزالٹیڈ ہائنس میر عثمان علی خاں بہادر فتح جنگ نظام الملک آصف جاہ سابع جی۔سی۔ایس۔آئی فرمانروائے سلطنتِ آصفیہ دام اللہ اقبالہٗ و اجلالہٗ کی توجہ شاہانہ مبذول فرما کر عثمانیہ اینگلو اُردو فری ہائی اسکول قائم کردیں۔ اور وقف کردہ زمین پر اسکول کی عمارت بھی تا قیامت مہرِ درخشاں کے مانند آب و تاب دائم و قائم رہے ع

گُل پھینکے ہے اوروں کی طرف بلکہ ثمر بھی

اے خانہ برانداز چمن کچھ تو اِدھر بھی

اس عرض داشت کے خاتمہ پر ہم ارکینِ انجمن اعلیٰ حضور کی رونق افروزی اور میمنت گستری کا شکریہ عرض کرتے ہوئے خداوند کارساز سے دست بدعا ہیں کہ آپ کے ارادوں میں کامیابی عطا فرمائے اور قوم کے سر پر بصد جاہ و جلال قائم و دائم رکھے۔ آمین یارب العالمین

این دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

المستدعین

ممبران و ٹرسٹیان و کارپردازان انجمن ہدایت اسلام مالیگاؤں (ناسک)

خادمانِ قوم ۔ مولوی عبدالحمید ۔ اسیرالدین ۔ آنریری جنرل سکریٹریان انجمن

از جناب مولوی غلام محمد صاحب خطیب مکہ مسجد حیدرآباد

در اختیار بندہ نہ باشد تونگری — ناداں چہ بہر کسبِ غنا رنج می بری

روزی ز آسمان و تو سرگشتہ بر زمیں — حیراں مشو کہ جالبِ رزقِ مقدری

از ہر چہ غیرِ اوست تعلق بریدنی ست — تا کے اسیرِ حلقۂ زلفِ معنبری

پیوستہ در اطاعتِ یزداں نفس برآر تا چند روزگار بغفلت بسر بری

بے بہرہ ز جلوۂ حسنِ ازل ازاں آشفتۂ جمالِ رخِ ماہ پیکری

خواہی کہ بر جمالِ رخِ او نظر کنی واجب بود کہ پردۂ پندار بردری

دل در جہاں مبند کہ روزے بصد نیاز گل ہائے ایں چمن بگذاری و بگذری

ہر چیز را بچشمِ بصیرت نگاہ کن یکساں مسیح معجزۂ و سحرِ سامری

ناداں فریبِ عیشِ جہاں را ثبات نیست دریاب ناخوشاں چو بعیشِ خوش اندری

اے مرغِ سدرہ جائے تو ایں دہر گاہ نیست روزے ز آشیانۂ خود یاد ناوری

فردا ز دار و گیر بجا کت در آورند امروز گرچہ مالکِ ملکِ سکندری

چوں صدر یار جنگ بحسنِ عمل بکوش تا بر فرازِ چرخ برآئی بہ برتری

صدرے کہ فالِ یمن و سعادت بنامِ اوست وز خوئے اوست شیوۂ درویش پروری

نوابِ ذی وقار کہ از بیمِ عدلِ او پا در عدم کشیدہ رسومِ ستم گری

فرخندہ سیرتے کہ در اطوارِ روزگار مثلش نہ دید چرخ بدیں خوب منظری

صدرے بزرگ پایہ کہ ذوقِ ثنائے او در طبعِ من دمیدہ روانِ سخن وری

اے بردہ گوئے فضل بہ انصاف پروری نازد بذاتِ پاکِ تو آئینِ سروری

چرخے بلند پایۂ اوجِ کمالِ تو یک جلوۂ جمالِ تو خورشیدِ خاوری

اقبال در حضورِ تو با صد ادب نشست استادہ در جنابِ تو دولت بچاکری

در بزمِ اہلِ فضل توئی صدرِ انجمن ہر چند در مقامِ تواضع فروتری

آں کرد دستِ جودِ تو با اہلِ احتیاج با خاکِ مردہ ہم نکند ابرِ آذری

تقدیرِ فرد روزیِ مردم بہ تو سپرد قسمت نمائی ہر چہ پسندی مخیّری

گر چشمِ اعتبار کشائی بروئے حال در دستِ حال دامنِ مستقبل آوری

ہر کس بقدرِ ہمتِ خویش است بہرہ ور تا بر سرت نہاد قضا تاجِ افسری

تعمیرِ خانہائے خدا را سبب توئی	خوشنود باد از تو خدا روزِ داوری
سیراب و تازہ گلشنِ ملّت بسعی تو	روشن ز التفاتِ تو شمعِ ہنروری
در سیرتِ ستودہ و در پاکدامنی	ملکی ولی بصورتِ انساں مصوّری
برہانِ بر کمالِ تو ایں بس بود کہ تو	جز شاہراہِ شرع دگر راہ نسپری
صد کاروانِ ہمّتِ پاکاں رفیقِ تست	ہر جا کہ پائے عزم فشاری مظفری
آئینہ ہم نظیرِ تو پیدا نمی کند	آں ہم توئی کہ در رخِ آئینہ بنگری
از جورِ روزگار چہ نالم کہ عاقبت	بختم نمودہ سوئے جنابِ تو رہبری
وابستۂ سوال نباشد عطائے تو	پیش از سوال حاجتِ سایل برآوری
گر من سرودِ مدح سرایم عجب مدار	مدحت سرائے تست حجازی و بربری
شایانِ شانِ مدحِ تو گر نغمہ سر کنند	ناہید ہم برقص درآید چو مشتری
بہرِ نثارِ مدحِ تو گلہائے بے خزاں	آوردہ ام ز گلشنِ سعدی و انوری
تا در بہار صد گل آید بہ بوستاں	تا ماہی اندر آب نماید شناوری

ہر غنچۂ مرادِ تو خنداں چو گل مدام
در باغِ روزگار بمانی بہ سروری

از جناب مولوی عبدالوہاب صاحب عندلیب حیدرآباد

طبعِ رسا شگفتہ بنوعِ دگر ہے آج	میرا نہالِ فکرِ سخن بار ور ہے آج
دل پر کسی کے حُسنِ عمل کا اثر ہے آج	ممدوح کی صفات سے دل باخبر ہے آج

وہ کون؟ جو رسول کا پیارا خدا کا دوست
رحمٰن کا حبیب شہِ دوسرا کا دوست

لہ ہستی ملک ولیک چو انساں مصوّری۔

اصلاحِ اہلِ دین ہے مدِ نظر جسے　　خالق سے دردِ دل کا ملا ہو اثر جسے
اسلامیوں کی فکر ہے شام و سحر جسے　　وہ پیش رو کہ ملک کے راہبر جسے
خدمت میں جب سے دین کی وہ وقف ہوگئے
بدعت کے داغ شرع کے پانی سے دھو گئے

دیکھے کوئی محافلِ میلاد کا وہ زور　　جذبات مذہبی کا وہ ہنگامہ اور وہ شور
مذہب سے بے رخی کا رہا اب دل میں چور　　پہلے تو چند ٹیک تھے اب ہیں کئی کروڑ
میلادِ شاہِ دیں کی یہ خوشیاں تو دیکھئے
ہاں ہاں ذرا یہاں کے مسلماں تو دیکھئے

یہ برکتیں ہیں حضرت صدر الصدور کی　　بنتی نہیں ہے بات جو فسق و فجور کی
تکمیل کی تمام ضروری امور کی　　ہے شان اب گزشتہ سنین و شہور کی
ملکِ نظام شکر ہے مذہب کا گھر بنا
مقبولِ بارگاہِ خدا ہر بشر بنا

ہر سال وعظ کہتے ہیں اپنے مکان پہ　　جس میں شریک ہوتے ہیں حضرات ذی اثر
سچ کہنے میں وہ تلخ بیانی سے ہیں نڈر　　کس درجہ ہیں وہ لوم سے لائم کے بے خبر
بتلاتے ہیں عیوب وہ آئینہ کی طرح
پختہ ہے یہ سخن مئے دیرینہ کی طرح

کتنا ہے ان کو مکتبِ حفاظ کا خیال　　دے کر وظائف ان کو کیا کس قدر نہال
پہلا سا اب دکن میں کہاں حافظوں کا کال　　حافظ بہت ہیں اب جو ہیں خوش حال خوش مآل
حفاظ کی وہ کرتے ہیں خاطر بلا کے گھر
خاطر میں ان کی عظمت قرآں ہے کس قدر

میلاد پڑھنے والوں کا بھی امتحاں لیا　　اشعارِ لغو پڑھنا پڑھانا مٹا دیا

جو مُردہ شو ہیں ان کا بھی اک مدرسہ بنا — اصلاحِ ملک کے لئے کیا کیا نہیں کیا
ہر جا کئی مدارسِ دینی بنا دئے
عرفان و حق پرستی کے چشمے بہا دئے

تبلیغ کا جو مدِّ نظر انتظام تھا — اضلاع پر کئی جگہہ یہ کام ہو چکا
وہ دن بہت قریب ہیں جب ہر تعلقہ — پائے جہاں میں نام وہ تبلیغ گاہ کا
اور کچھ یتیم خانے بھی ہوں تو عجب نہیں
ایسی اُمیدیں آپ سے کچھ بے سبب نہیں

اصلاحِ مسلمین کی مجلس کو دی مدد — تھے بدنما درست کئے اس کے خال و خد
ہے جس کا کام ملک میں اقبالِ سند — ہر حصۂ دکن میں یہ مجلس ہے نامزد
سب کچھ یہ ہیں توجہِ عالی کی برکتیں
ہوتی ہیں نیک کام میں حق کی عنایتیں

لازم قرار دی گئی تعلیمِ مذہبی — رکھا نصاب میں سبقِ ملتِ نبی
اب دین میں فہیم ہیں لڑکے نہیں غبی — تھی آگ کس قدر دلِ ممدوح میں دبی
یارب دلِ حبیب میں کس درجہ سوز ہے
جو مصطفیٰ کے دین کا مشعل فروز ہے

یہ گانے والیوں کو ملا حکمِ نادری — درگاہ پر نہ آئیں بزرگانِ دین کی
باقی نہ راستوں پہ رہی ان کی دلبری — یہ بدنمائی راہ کی بیجا قرار دی
انساں کو سجدہ کرنے کی کر دی ممانعت
بیشک جدا ہے خالق و مخلوق کی صفت

رمضان کا یہ مدِّ نظر احترام تھا — کوئی کھلا ہوا نہیں دار الطعام تھا
سڑکوں سے کھاتے پیتے گزرنا حرام تھا — ماہِ صیام واقعی ماہِ صیام تھا

بے وقعتی کا صوم کی کوئی نشاں نہیں
ہاں روزہ روزہ داروں کا اب رائگاں نہیں

ایامِ خیر میں نہ رہی بیع مسکرات ۔۔۔ برکت کے دن جو تھے ہوئے ایامِ طیّبات
ممنوع بیع اندنوں تھی مسلموں کے ہات ۔۔۔ بدکاریوں سے خلق کو دی آپ نے نجات

اسلام کی عجیب توجہ سے داشت کی
ہاں آخرت کے واسطے دنیا میں کاشت کی

کم فہم پادری ہوئے بے راہ رو اگر ۔۔۔ سختی سے لی پھر آپ نے اُن کی وہیں خبر
اسلامیوں کے مقبرہ میں بن گیا تھا گھر ۔۔۔ حُسنِ عمل سے آپ کے پھر دب گیا وہ شر

میدک کے پادری کا جو گھر منہدم ہوا
وہ کون اہلِ دین تھا جس نے نہ دی دعا

چھائی ہوئی ضلالت و بدعت تھی کس قدر ۔۔۔ اچھے بُرے عقیدوں کی نکبت تھی کس قدر
دین اور اہلِ دین کی فضیحت تھی کس قدر ۔۔۔ غفلت، مذلّت اور ہلاکت تھی کس قدر

شائع برنگِ مذہبِ ملّت جو زہر تھا
صاحب نے سہج سہج اُسے ناپید کر دیا

خدماتِ مذہبی کا نہ تھا پہلے اہتمام ۔۔۔ معمول یومیہ تھے اگرچہ ہر ایک کے نام
تنخواہ اور معاش سے تھا صرف سب کو کام ۔۔۔ کچھ فرضِ منصبی کا نہ ہوتا تھا انصرام

تنقیح کار اکثر مذہبی ہوئی
ظاہر ہوئی جو بات تھی دل میں دبی ہوئی

واعظ جو اپنی شان کا واحد رسالہ ہے ۔۔۔ اک دردمند کے دلِ سوزاں کا نالہ ہے
گو یہ دراز عمر نہیں چار سالہ ہے ۔۔۔ لیکن شرابِ تلخ و کہن کا پیالہ ہے

جاری ہے موضع موضع میں صاحب کے حکم سے
مسجد ہو مدرسہ ہو جہاں چاہے دیکھیے

از جناب مولوی حافظ سید محمد احسن صاحب شوقی رائے بریلوی

روا ست لب بکشایم بحمدِ ربانی | کہ ذکرِ اوست دلم را غذائے روحانی
دلم ز دغدغۂ حشر زار می نالد | کہ داستانِ معاصی ست سخت طوفانی
حدیث جز طلبِ مغفرت نمی گویم | کہ بحرِ بخششِ یزدان ست ہم بہ طغیانی
مرا بہ ناصیہ سائی چو نیست کارِ دگر | چگونہ بار کنم دعوئے سخندانی
کشیدہ از وطنم آب و دانہ سوئے دکن | وگرنہ مدح کجا و کجا غزل خوانی
نماندہ آہ بہ گیتی کسے کمال شناس | کجا روم بہ کہ گویم ز دردِ پنہانی
بدشت دور فتادم ز دوستانِ وطن | روا ست نام نہادن مرا بیابانی
سفر وسیلۂ ظفر ست و ہم ستم لیکن | بدل امید ولیکن پردہ یاس و حرمانی
بہار آمد و گل ہم شگفت لالہ بخند | منم کہ سر بگریبان ز چاک دامانی

چہ جلوہا کہ فرو ریخت صبحِ ایمانی | چہ نورہا کہ بنظارہ گشت حیرانی
بیا بیا کہ نسیمِ سحر ہمی گوید | بفرطِ شوق و مسرت ز لطفِ یزدانی
زبانِ خامہ کشائی درِ معانی ہم | کہ تا بہ صفحۂ زریں کند زر افشانی
چہ خوانم از رخِ نیکت چگویم از خوبیت | کہ ذاتِ تست بجملہ صفات لاثانی
چو دستِ تست گہر بار و ہم ہنر پرور | بخلقِ عامِ تو گویم کہ ابرِ نیسانی
زمین فیض قدومِ تو با فلک گوید | کہ کانِ گوہرِ نایاب و بحرِ عمانی
بہا و رونق ملکِ دکن ز تست فزوں | خوشا کہ عہدِ سعید است دورِ عثمانی
امیر ابنِ امیر و رئیس ابنِ رئیس | سخن شناس و سخن سنج رشکِ سحبانی
معینِ ملتِ دیں نائبِ رسولِ خدا | ادیب و فاضل و صدر الصدور شروانی
طرازِ مدح ز مدحت طراز کے آید | ہمیں بس ست کہ گویم حبیبِ رحمانی
ہمائے رفعت و اقبال زیبِ طرہ تو | مدام سایہ کنِ تارکِ سلیمانی

فتادہ در رہِ امید شوقیِ مدّاح
بدستِ تست علاجِ مریضِ روحانی

از جناب سیّد کاظم علی صاحب شوکت بلگرامی

حبیبِ قلبِ ہر مضطر طبیبِ دردِ ہر بے زر
رئیسِ بے نوا پرور رہینِ لطفِ رحمانی

بحکمت ثانیِ لقمان علومش بحرِ ناپایاں
نثارِ نثر او سحبان فدائے نظمِ خاقانی

بباید خلق جانِ تازہ از خلقِ امینِ او
بہ بخشد خط و خالش مردہ دل را خطِ روحانی

ز تقریرِ فصیحش گوشِ دل شد چوں صدف پُر دُر
ز تحریرِ بلیغش قلبِ ناظر گشت نورانی

کلامش چوں کلامِ حق حیاتِ جاوداں بخشد
کہ نطقش آبِ حیوان ست بحرِ فیضِ انسانی

بہ زہد و اتقا گشتہ سمر چوں شمس در عالم
ریاضتہا ثمر کردہ باو از غیب رزانی

ز عدل و داد او آزاد از غم دادخواہانش
ز ایفائے عہودش شاد و خرم روحِ ایمانی

ز دنیا مہر بگسستہ بعقبیٰ کار وابستہ
دلش با یار پیوستہ نہے توفیقِ ربّانی

خدایش حامی و ناصر فدایش غایب و حاضر
خودش با شکرِ حق ذاکر بہ نعمتہائے سبحانی

ادیبِ عالم و عامل ز اہلِ دردِ اہلِ دل
بحالش لطفِ حق شامل ہمیں بس نیّر خوانی

براشعارِ گہر بارش ز حسرت مُرد فردوسی
بہ بیں شوکت ز طوسی گوی سبقت بُرد شروانی

از جناب مولوی محمد ریاض الدین علی صاحب صدیقی ریاضؔ

کس زباں سے ہو ادا شکرِ خداوندِ کریم
افسرِ اعلیٰ ملے ہیں خوش نصیبی سے رحیم

ذی وجاہت ذی مروّت اور سنجیدہ مزاج
کچھ نہ پوچھو شان خودداری کے اوصافِ عمیم

عدل و احساں میں نہیں ہے دوست دشمن کا خیال
بے ریا دل آپ نے پایا ہے اور عقلِ سلیم

علم کا منشا بر اصلی فی الحقیقت حلم ہے　　اور اس کا آئینہ ہے آپ کی طبع حلیم
ہے عمل کی شان بھی ہمراہ علم و فضل کے　　حضرت حسرت نے پائی ہے صراط مستقیم
دین سردار دو عالم ہی کے جب عالم ہیں آپ　　کیوں عمل پیرا نہ ہوں از فضل خلاق علیم
پیروی شرع و سنت میں غنیمت فرد ہے　　آپ کے اخلاق بھی ہیں پیرو خلق عظیم
آپ کے دل میں محبت ہے رسول اللہ کی　　ہے شریعت آشنا دل ہی طریقت مستقیم
نام سے ظاہر ہوا ہیں آپ رحماں کے حبیب　　اسم رحمٰں کا اثر ہے آپ کی خوئے رحیم
مسند صدر الصدوری کھل رہی ہے آپ پر　　مذہبی گلشن میں آئی ہے بہار افزا نسیم
کیوں نہ عمال صدارت کو بھلا پھر ناز ہو　　خوبی اعمال سے پایا ہے جب حاکم رحیم
قابل توصیف ہے شاہ دکن کا انتخاب　　قدر دانی سے یہاں نایاب قدر دیں ہے مقیم
حیدر آباد دکن کو شکر کرنا چاہیئے　　حامی دیں کیوں کہ عالم دوست ہیں یا ہیں مقیم

اب دعا پر ختم کرتا ہے ریاض کمتریں
سب کہیں آمین انھیں رکھے خداوند کریم

ایک شکر گزار کے قلم سے

(مَنْ لَّمْ یَشْکُرِ النَّاسَ لَمْ یَشْکُرِ اللّٰہَ)

منبع علم و مرجع شرفا　　زندہ فرمائے نام شروانی
ہے دکن تجھ سے آج نیشاپور　　تجھ سے ہے نشر فضل خاقانی
تجھ سے پیدا ہے حکمت خیام　　تجھ میں پنہاں ہے وصف عثمانی

خضر میرے لئے تھی تیری ذات
تجھ سے پایا یہ نیم جاں پانی

از جناب محمد عبدالرزاق صاحب حیدرآباد

مولوی شروانی صاحب سرور صدالصدور ذاتِ او خورشیدِ تابان ست یا فیضِ نور
بے نصیب ہرگز نہ گشتہ ہر کہ آمد بر درش بہرہ ور شد از عطا ہم یافتہ عفوِ قصور

باد با اقبال دایم یا الٰہی در جہاں
بر سر فرزندگانِ خویش با فرح و سرور

از جناب محمد عبدالعزیز صاحب مولوی فاضل

کیواں جناب عرش خدم صدر یار جنگ گردوں شرف سپہر حشم صدر یار جنگ
عالی نسب ہے اور وہ والا حسب ہے کیا مردِ شریف نیک شیم صدر یار جنگ
بیکس کا دست گیر رئیسوں میں بے نظیر فخرِ خدیو و سنجر و جم صدر یار جنگ
کرتا نہیں ہے دیر غریبوں کے کام میں حاتم سے خیر میں نہیں کم صدر یار جنگ
ہر چند ہے امیر اگرچہ ہے وہ رئیس کھاتا ہے خستہ حال کا غم صدر یار جنگ
نامی ہے قوم میں وہ گرامی وطن میں ہے مقبولِ حق ہے حق کی قسم صدر یار جنگ
ہے اہلِ علم اور بڑا علم دوست ہے ہے صاحبِ کمال و قلم صدر یار جنگ
رُکنِ رکینِ ملکِ دکن ہے وہ آج کل حکّام وقت میں ہے حکم صدر یار جنگ
اُس کی دیانت اہلِ دیانت کو یاد ہے ہرگز کرے نہ بیش نہ کم صدر یار جنگ

اوصاف اس کے مجھ سے بیاں کیا ہوں اے عزیز
معجز بیان ہے سحر رقم صدر یار جنگ

کھیر کی نظم

از جناب سیّد معین الدین صاحب منتظم بیتی

کھیر کی نظم قلم کیا لکھے ۔۔۔ لب ہیں جب اُس کے حلاوت سے بندھے
کھیر کی نظم جو میٹھی نہ ہوئی ۔۔۔ یعنی سیٹھی جو لکھی خاک لکھی
لفظ ہوں نظم کے بس کھیر سے نرم ۔۔۔ شعر جو نکلے وہ ہو گرم سے گرم
دودھ سے بڑھ کے سفید آئے بیاض ۔۔۔ ید بیضا کو بھی شرمائے بیاض
روشنائی ہو گلابی ایسی ۔۔۔ سُرخ ہلکی سی ملائی جیسی
مثل مکھن کے ہو چکنی تخئیل ۔۔۔ آگے اجمال کی کیجے تفصیل
شیروانی کا کرم ہے ہم پر ۔۔۔ اُن کے احسان بیاں ہوں کیوں کر
اُن کی بیگم ہیں مروّت والی ۔۔۔ ہمّت و جود و سخاوت والی
دونوں ہیں چشمہ شیریں کی مثال ۔۔۔ مَردُم و مور و ملخ جن سے نہال
سیر چشمی کا ٹھکانا نہ رہا ۔۔۔ تشنہ جو آیا پیاسا نہ رہا
ہاتھ دینے پہ ہیں مائل ایسے ۔۔۔ پُر ثمر شاخ جھکی ہو جیسے
لو ۔ ہمیں بھیجی ہے سرکار نے کھیر ۔۔۔ اب ہوں شکریہ میں شعر پہ تحریر
ظرف پر کھیر کے ہو پہلے نظر ۔۔۔ یعنی وسعت میں وہ حوضِ کوثر
یا کوئی گنبدِ گردوں اوندھا ۔۔۔ دستِ اعجاز نے سیدھا تھا کیا
دیکھے پہلے بھی تھے چینی کے طبق ۔۔۔ لے گیا اس سے نہ پر کوئی سبق
کھیر سے بھر کے یہ حوضِ کوثر ۔۔۔ عرش سے کس نے اتارا ہم پر
منجمد برف سا اک کھیر کا بحر ۔۔۔ سطح پر جس کی شکن اور نہ لہر

قوّتِ ذائقہ مژدہ ہو تجھے
ہاں سنبھل رال نہ تیری ٹپکے

رشکؔ[1] لائے ہیں کہ حصّہ بانٹو
منتظم پہلے قدح تم بھر لو

حصّہ کیا ۔ قدح کا بھرنا کیسا
دیکھتا تھا ۔ کہ یہ دل سیر ہوا

بھر لیا ہم نے قدح کو سارا
حوض پُر جیسا تھا ویسا ہی رہا

پھر نے لیجے چھکا سب کو دیا
مُنہ جو میٹھا ہوا دیتے ہیں دعا

یا خُدا ان پہ ہوں نازل برکات
اِن کے اعلیٰ سے ہوں اعلیٰ درجات

عالیجناب صدر الصدور صاحب کا مجرا

بنامِ خداوند ارض و سما
محمد ساجس نے پیمبر دیا

دیا نور ایماں اُسی نے ہمیں
نہ اس نام پر کیوں درودیں پڑھیں

دکن حق پہ تو ہے اگر ہے غرور
کہ تجھ کو ملا ایسا صدر الصدور

وہ حامیِ دیں اپنی خود ہی نظیر
بہ صورت امیر و بہ سیرت فقیر

عمل اس کے کیا ہیں اگر ہو سوال
وہ ہے قرنِ اولیٰ کی پوری مثال

سحابِ کرم ہند سے آگیا
فضائے دکن پر وہ لو چھا گیا

دکن پر جو چھائی گھٹا دور کی
برسنے لگیں بارشیں نور کی

ہوئے سبز سب دین کے مرغزار
سلامت رکھے اس کو پروردگار

وہ اسلام کا خاص رکنِ رکین
وہ ہے خاتمِ دیں کا گویا نگیں

دکن کے مسلمان خوابیدہ تھے
کچھ افعال بھی ناپسندیدہ تھے

---

[1] جناب حافظ احمد حسن خاں صاحب رامپوری متخلص بہ ادستاد "رشک"

جلا ان کو دی تم نے صد الصدور — کیا زنگ کج مذہبی ان سے دور
دیا مذہبی جوش سے ان کو بھر — نبی خانہ گویا ہے ہر ایک گھر
ربیعین میں ایسے چرچے ہوئے — کہ میلاد کے خوب جلسے ہوئے
جدھر دیکھئے ذکر میلاد ہے — مسلمان ہر ایک دل شاد ہے
تکلف کا جلسوں کے کیا ہو بیاں — وہ آرائشوں سے تھے باغ جناں
مُصر بانیٔ جلسہ تھے بالضرور — کہ ہوں صدر جلسے کے صدر الصدور
صدارت کو اُن کی صدارت پہ ناز — ثقاہت کو ان کی ثقاہت پہ ناز
وہ بیٹھے تو کرسی چڑھی عرش پر — ملائک اُتر آئے سب فرش پر
جو سلکِ گہر اُن کی تحریر ہے — تو تقریر سیرۃ کی تفسیر ہے
احادیث و قرآں سے ثابت سبھی — نہ مشکوک ہو گی روایت کبھی
بیاں میں سلاست متانت کے ساتھ — وہ لہجہ کی نرمی حلاوت کے ساتھ
یہی وعظ ہے دل میں جو بیٹھ جائے — کوئی دوسرا وعظ ایسا سنائے
نہ مرکز سے تقریر اُن کی ہٹے — خیال اہل محفل کا کیسے ہٹے
بہت میں نے دیکھے ہیں واعظ حضور — خطا ہو معاف اور میرا قصور
کوئی غیظ و غصہ میں بھر جائے گا — روایات مہمل سے بھڑکائے گا
ہے موضوع تقریر بس ذاتیات — انھیں اور آتی نہیں کوئی بات
وہ آپے سے باہر یہ جوش و خروش — نہ جُبّے عمامہ کا پھر ان کو ہوش
روایات لایعنی بے پاؤ سر — مخاطب ہیں حضرت کے گویا کہ خر
نئی روشنی میں یہ اندھابیاں — گئیں ان کی عقلیں خدایا کہاں
ملا ان کو لیکن ہے اب راہبر — وہ آجائیں گے دیکھ کر راہ پر
دکن کا یہ آئین ہے صاحبو — کہ پہناتے گجرا ہیں وہ صدر کو

ہوئے جس جگہ صدر صدرالصدورؔ ۔۔۔ پنھایا گیا ان کو گجرا ضرور

دسمبر میں بیلا چمیلی کہاں ۔۔۔ گلِ اشرفی کا ہی سکہ رواں

یہ ہی بحث جلسوں میں ہونے لگی ۔۔۔ رہے شان اپنی ہی سب سے بڑھی

یہ محفل کا بانی ہے اب چاہتا ۔۔۔ نہ ہو اس سے فائق کوئی دوسرا

تکلف میں ساز اور سامان میں ۔۔۔ رقابت ہے جلسوں کی ایشان میں

یہی حال گجروں کا ہونے لگا ۔۔۔ کہ بھاری بنے ایک سے دوسرا

پرانی ہے اک کالی مسجد یہاں ۔۔۔ ہوا جلسہ میلاد کا اب وہاں

دہاں بھی ہوئے صدر صدرالصدورؔ ۔۔۔ پنھایا گیا گجرا با صد سرور

یہ گجرا تھا بیشک و بے اشتباہ ۔۔۔ اقالیم کے گجروں کا بادشاہ

موٹائی میں قطر اس کا چار انچ تھا ۔۔۔ محیط اس کا دیکھو تو اب کیا ہوا!

وہ خرطوم تھی فیل کی بیگماں ۔۔۔ کمر بوجھ سے جھک کے ہو لوگ کماں

پہن کر کہے وعظ کس کی مجال ۔۔۔ جو گردن سہے بوجھ بالکل محال

ایوالہول گجرا اماں الاماں ۔۔۔ یہ تھی ٹھوس پھولوں کی اک کہکشاں

لٹکتے تھے تین اس میں گچھے بڑے ۔۔۔ کہ تھے سترہ پھول جن میں گندھے

طبق سرخ اور سبز لپٹا ہوا ۔۔۔ اور آمیز جس میں کہ منقش تھا

